4

ہفت روزہ
# ندائے خلافت
لاہور

24 تا 30 جنوری 2008ء/14 تا 20 محرم الحرام 1429ھ

www.tanzeem.org

## اس شمارے میں

قحط

سانحۂ کربلا

صوبائی عصبیت سے گریز کیجیے!

چلے کہاں کے لئے تھے......

اسامہ کی تلاش (ii)

ترکی میں آزادیٔ نسواں کی تحریک

مسائل کا حل نفاذ اسلام ہے

دعوتی و تربیتی سرگرمیاں

عالم اسلام

## قلبی تعلق

اگر آپ کا بچہ بیمار ہو تو آپ اس کی زندگی و موت کے سوال کو بالکلیہ کسی دوسرے پر ہرگز نہیں چھوڑ سکتے۔ ممکن نہیں کہ آپ یہ عذر کر کے اسے اس کے حال پر چھوڑ دیں کہ کوئی تیمادار نہیں، کوئی دوا لانے والا نہیں، کوئی ڈاکٹر کے پاس جانے والا نہیں۔ اگر کوئی نہ ہو تو آپ سب کچھ خود بنیں گے۔ کیونکہ بچہ کسی دوسرے کا نہیں، آپ کا اپنا ہے۔ سوتیلا باپ تو بچے کو مرنے کے لیے چھوڑ بھی سکتا ہے مگر حقیقی باپ اپنے جگر کے ٹکڑے کو کیسے چھوڑ دے گا۔ اس کے تو دل میں آگ لگی ہوتی ہے۔ اسی طرح اس کام سے بھی اگر آپ کا قلبی تعلق ہو تو آپ دوسروں پر نہیں چھوڑ سکتے اور نہ یہ ممکن ہے کہ کسی دوسرے کی نااہلی یا غلط روی یا بے توجہی کو بہانہ بنا کر آپ اسے مرجانے دیں گے اور اپنے دوسرے مشاغل میں جا کر منہمک ہو جائیں گے۔ یہ سب باتیں اس بات کا پتہ دیتی ہیں کہ خدا کے دین اور اس کی اقامت و سربلندی کے مقصد سے آپ کا رشتہ محض ایک سوتیلا رشتہ ہے۔ حقیقی رشتہ ہو تو آپ میں سے ہر شخص اس راہ میں اپنی جان لڑا کر کام کرے۔ میں آپ سے صاف کہتا ہوں کہ اگر آپ اس راہ میں کم از کم اتنے قلبی لگاؤ کے بغیر قدم بڑھائیں گے جتنا آپ اپنے بیوی بچوں سے رکھتے ہیں تو انجام پسپائی کے سوا کچھ نہ ہوگا اور یہ ایسی بُری پسپائی ہوگی کہ مدتوں تک ہماری نسلیں اس تحریک کا نام لینے کی جرأت بھی نہ کرسکیں گی۔ بڑے بڑے اقدامات کا نام لینے سے پہلے اپنی قوتِ قلب کا، اپنی اخلاقی طاقت کا جائزہ لیجیے اور مجاہدہ فی سبیل اللہ کے لیے جس دل گردے کی ضرورت ہے وہ اپنے اندر پیدا کیجیے۔

**سامان سفر**
سید ابوالاعلیٰ مودودیؒ

الھدیٰ (305)

# سورۃ الانعام
(آیت:91)

ڈاکٹر اسرار احمد

بسم اللہ الرحمٰن الرحیم

﴿ وَمَا قَدَرُوا اللّٰهَ حَقَّ قَدْرِهٖٓ اِذْ قَالُوْا مَآ اَنْزَلَ اللّٰهُ عَلٰى بَشَرٍ مِّنْ شَيْءٍ ۭ قُلْ مَنْ اَنْزَلَ الْكِتٰبَ الَّذِيْ جَاۗءَ بِهٖ مُوْسٰى نُوْرًا وَّهُدًى لِّلنَّاسِ تَجْعَلُوْنَهٗ قَرَاطِيْسَ تُبْدُوْنَهَا وَتُخْفُوْنَ كَثِيْرًا ۚ وَعُلِّمْتُمْ مَّا لَمْ تَعْلَمُوْٓا اَنْتُمْ وَلَآ اٰبَاۗؤُكُمْ ۭ قُلِ اللّٰهُ ۙ ثُمَّ ذَرْهُمْ فِيْ خَوْضِهِمْ يَلْعَبُوْنَ ﴿٩١﴾ ﴾

”اور ان لوگوں نے اللہ کی قدر جیسی جاننی چاہیے تھی نہ جانی، جب اُنہوں نے کہا کہ اللہ نے انسان پر (وحی اور کتاب وغیرہ) کچھ بھی نازل نہیں کیا۔ کہو کہ جو کتاب موسیٰؑ لے کر آئے تھے اُسے کس نے نازل کیا تھا، جو لوگوں کے لئے نور اور ہدایت تھی اور جسے تم نے علیحدہ علیحدہ اوراق (پر نقل) کر رکھا ہے، ان (کے کچھ حصے) کو تو ظاہر کرتے ہو اور اکثر کو چھپاتے ہو، اور تم کو وہ باتیں سکھائی گئیں جن کو نہ تم جانتے تھے اور نہ تمہارے باپ دادا۔ کہہ دو (اس کتاب کو) اللہ ہی نے (نازل کیا تھا)۔ پھر اُن کو چھوڑ دو کہ اپنی بیہودہ بکواس میں کھیلتے رہیں۔“

سورۃ الانعام اور سورۃ الاعراف مکی دور کے آخری زمانے کی سورتیں ہیں۔ اس وقت تک رسول اللہ ﷺ کی رسالت اور نبوت کا چرچا مدینہ منورہ میں بھی ہو چکا تھا اور وہاں کے یہودی باخبر اور چوکنے ہو گئے تھے۔ چنانچہ انہوں نے وہیں بیٹھے ہوئے مسلمانوں کے خلاف ریشہ دوانیاں شروع کر دیں۔ جب کوئی شخص انصاف کی راہ چھوڑ کر ضد پر اتر آئے تو وہ کچھ بھی کہہ سکتا ہے۔ چنانچہ یہودی کہنے لگے کہ ان مسلمانوں سے تو بتوں کی پوجا کرنے والے مشرک بہتر ہیں۔ اسی کا ذکر یہاں ہو رہا ہے۔ اِن یہودیوں نے اللہ کی قدر نہ کی جیسے کہ کرنی چاہیے تھی، جب انہوں نے کہا کہ اللہ نے کسی بھی انسان پر کوئی چیز نہیں اتاری۔ مکہ والے تو کتابوں سے واقف نہ تھے۔ یہودیوں نے اُن سے کہا کہ جو کچھ محمد ﷺ کہہ رہے ہیں یہ سب وہم و خیال ہے، اللہ نے کبھی کوئی چیز نہیں اتاری۔ اس کے جواب میں قرآن مجید میں اہل مکہ سے نہیں بلکہ براہ راست یہودیوں سے خطاب ہوا۔ فرمایا گیا، ان سے پوچھئے کہ اگر اللہ نے کبھی کچھ نہیں اتارا تو پھر وہ کتاب جو موسیٰؑ لے کر آئے تھے، وہ کس نے اتاری تھی؟ کیا موسیٰؑ نے خود اپنے ہاتھ سے لکھی تھی؟ کیا وہ کتاب من گھڑت تھی؟ وہ کتاب تو لوگوں کے لئے نور اور ہدایت تھی۔ وہ خود روشن تھی اور لوگوں کے لیے راہ نمائی فراہم کرنے والی تھی، مگر تم نے اسے ورق ورق کر دیا، ٹکڑوں اور حصوں میں بانٹ دیا۔ کچھ کو تم ظاہر کرتے ہو مگر اکثر کو چھپا کر رکھتے ہو۔ یہودیوں نے من پسند فتویٰ فروشی کے لئے کتاب کو اس طرح چھپا رکھا تھا کہ یہ عام لوگوں کے ہاتھ نہ آئے۔

ان کتابوں کے ذریعے تمہیں وہ سب باتیں سکھائی گئی تھیں جو تم بھی نہ جانتے تھے اور تمہارے باپ دادا کے علم میں بھی نہ تھیں۔ کہہ دیجئے یہ سب اللہ نے نازل کیا۔ تورات اور انجیل بھی اللہ نے نازل کیں اور اب یہ قرآن بھی اللہ ہی نے نازل فرمایا ہے۔ اے پیغمبر یہ بات کہنے کے بعد اب انہیں چھوڑ دیجئے کہ وہ اپنی خرافات کے اندر کھیلتے رہیں

فرمان نبوی

پروفیسر محمد یونس جنجوعہ

# دنیا کے لیے علم حاصل کرنے والوں کا انجام

عَنِ ابْنِ عُمَرَ ؓ قَالَ قَالَ رَسُوْلُ اللّٰهِ ﷺ: ((مَنْ تَعَلَّمَ الْعِلْمَ لِغَيْرِ اللّٰهِ وَاَرَادَ بِهٖ غَيْرَ اللّٰهِ فَلْيَتَبَوَّأْ مَقْعَدَهٗ مِنَ النَّارِ)) (رواہ الترمذی)

حضرت عبداللہ بن عمر ؓ سے روایت ہے، رسول اللہ ﷺ نے فرمایا: ”جس کسی نے علم دین اللہ کی رضا کے لئے نہیں بلکہ غیر اللہ کے لئے (یعنی اپنی دنیوی اور نفسانی اغراض کے لئے) حاصل کیا وہ جہنم میں اپنا ٹھکانہ بنا لے۔“

**تشریح:** اللہ تعالیٰ نے دین کا علم انبیاء علیہم السلام کے ذریعہ اور آخر میں سیدنا حضرت محمد خاتم النبیین ﷺ اور اپنی آخری مقدس کتاب قرآن مجید کے ذریعہ اس لئے نازل فرمایا کہ اس کی روشنی اور رہنمائی میں اس کے بندے اللہ کی رضا کے راستہ پر چلتے ہوئے اس کے دار رحمت جنت تک پہنچ جائیں...... اب جو بدنصیب آدمی اس مقدس علم کو اللہ تعالیٰ کی رضا و رحمت کے بجائے اپنی نفسانی خواہشات کی تکمیل اور دنیوی دولت کمانے کا وسیلہ بناتا ہے، اور اسی کے واسطے اس کی تحصیل کرتا ہے وہ اللہ تعالیٰ کے نازل فرمائے ہوئے اور رسول اللہ ﷺ کے لائے ہوئے اس مقدس علم پر ظلم عظیم کرتا ہے، اور یہ شدید ترین معصیت ہے، اور اس حدیث میں رسول اللہ ﷺ نے اطلاع دی ہے کہ اس کی سزا جنت سے محرومی اور جہنم کا عذاب الیم ہے۔

تا خلافت کی بنا' دنیا میں ہو پھر استوار
لا کہیں سے ڈھونڈ کر اسلاف کا قلب و جگر

قیام خلافت کا نقیب

ہفت روزہ
لاہور

# ندائے خلافت

| | |
|---|---|
| جلد 17 | 24 تا 30 جنوری 2008ء / 14 تا 20 محرم الحرام 1429ھ | شمارہ 4 |

بانی: اقتدار احمد مرحوم
مدیر مسئول: حافظ عاکف سعید
نائب مدیر: محبوب الحق عاجز

مجلس ادارت
سید قاسم محمود۔ ایوب بیگ مرزا
سردار اعوان۔ محمد یونس جنجوعہ
نگران طباعت: شیخ رحیم الدین

پبلشر: محمد سعید اسعدؔ طابع: رشید احمد چوہدری
مطبع: مکتبہ جدید پریس ریلوے روڈ لاہور

مرکزی دفتر تنظیم اسلامی:
67-اے علامہ اقبال روڈ گڑھی شاہو لاہور۔ 54000
فون: 6366638 - 6316638 فیکس: 6271241
E-Mail:markaz@tanzeem.org
مقام اشاعت: 36-کے ماڈل ٹاؤن لاہور۔ 54700
فون: 03-5869501

قیمت فی شمارہ 5 روپے

سالانہ زرِ تعاون
اندرونِ ملک........250 روپے
بیرونِ پاکستان
انڈیا------------------(2000 روپے)
یورپ' ایشیا' افریقہ وغیرہ (2500 روپے)
امریکہ' کینیڈا' آسٹریلیا وغیرہ (3000 روپے)
ڈرافٹ' منی آرڈر یا پے آرڈر
''مکتبہ خدام القرآن'' کے عنوان سے ارسال کریں
چیک قبول نہیں کیے جاتے

''ادارہ'' کا مضمون نگار حضرات کی رائے
سے پورے طور پر متفق ہونا ضروری نہیں

اداریہ
ایوب بیگ مرزا

بسم اللہ الرحمٰن الرحیم

## قحط

ہر سال گندم کی فصل کی کٹائی سے پہلے محکمہ خوراک ملک بھر میں سروے کرتا ہے اور اعداد و شمار اکٹھے کر کے وزارت خوراک کو بھیجتا ہے کہ اِمسال فصل کی عمومی حالت کیسی ہے اور تخمینہ بھیجتا ہے کہ اتنی فصل کی امید کی جاتی ہے۔ یہ تخمینہ وفاقی کابینہ کی اہم میٹنگ میں پیش کیا جاتا ہے جس کی بنیاد پر گندم پالیسی بنتی ہے، یعنی پیداوار کتنی ہے اور ہماری سالانہ ضرورت کتنی ہے۔ تخمینہ زائد گندم ظاہر کر رہا ہو تو کسی قدر برآمد کی اجازت دی جاتی ہے اور کمی کا معاملہ درپیش ہو تو درآمد کا پروگرام بنایا جاتا ہے۔ افغانستان کی ضروریات کو بھی ہمیشہ مدِنظر رکھا جاتا ہے اور اُدھر جانے والی گندم کو برآمد شمار نہیں کیا جاتا۔ گزشتہ سال وفاقی کابینہ کے اجلاس میں 21 ملین ٹن کا تخمینہ پیش کیا گیا جس پر وزیر اعظم شوکت عزیز نے کہا کہ یہ تو بہت کم ہے، ہم نے عالمی مالیاتی اداروں کو اگر یہ تخمینہ ظاہر کیا تو امداد لینے میں سخت دشواری پیش آئے گی، ہمیں 25 ملین ٹن کا تخمینہ ظاہر کرنا چاہیے۔ بحث و تمحیص کے بعد اگرچہ تخمینہ 25 ملین ٹن تو ظاہر نہ کیا گیا لیکن اصلی تخمینہ سے بڑھا کر جعلی تخمینہ ظاہر کر دیا گیا۔ فصل مارکیٹ میں آئی تو حقیقی تخمینہ سے بھی کچھ کم تھی، جس کا تاجر طبقے نے ذرائع نہ ہونے کے باوجود فوری اندازہ کر لیا اور پرائیویٹ سیکٹر میں گندم ذخیرہ کر لی گئی، جس کا فوری طور پر حکومت نے کوئی نوٹس نہ لیا۔

اتفاق سے بھارت میں بھی گندم کی فصل خراب ہو گئی، جس پر بھارت نے خریداری کا ارادہ ظاہر کیا جس کی ادائیگی ظاہر ہے ڈالر میں ہونا تھی اور ہماری حکومتوں کا معاملہ ہمیشہ یہ رہا ہے کہ ڈالر کا نام سنتے ہی اُن کے منہ میں پانی بھر آتا ہے۔ لہٰذا گندم کی عالمی صورتِ حال کا اندازہ کیے بغیر اور یہ سوچے بغیر کہ جب سوا ایک ارب آبادی کے ملک کی خریداری عالمی مارکیٹ میں جائے گی تو مارکیٹ میں کیا طوفان اُٹھے گا، بھارت کو 200 ڈالر فی ٹن کے حساب سے گندم فروخت کر دی گئی۔ برآمد کا فیصلہ کرتے وقت وزارتِ تجارت نے ظاہر ہے اسی تخمینہ کو مدِنظر رکھا ہو گا جسے وفاقی کابینہ نے منظور کیا تھا۔ پھر جب ''ہائے آٹا ہائے آٹا'' کی پکار پڑی جس نے مشرف حکومت کی چولیں ہلا دیں، تو جلدی میں 510 ڈالر فی ٹن وہ گندم درآمد کی گئی جس کا معیار پنجاب کی گندم جیسا نہیں ہو سکتا۔ کسی بھی لال بجھکڑ کے حوالے حکومت کر دی جائے تو ایسے احمقانہ فیصلے وہ بھی نہ کرے۔ گزشتہ دو سال سے بھارت میں چاول کی فصل اچھی نہیں ہو رہی۔ حکومت بھارت نے آغاز ہی میں اندازہ کر کے چاول کی برآمد پر پابندی لگا دی تاکہ ملک میں چاول کی مہنگائی نہ ہو۔ دبئی میں بیٹھے ہندو تاجر نے اپنی کاروباری ضرورت پوری کرنے کے لئے پاکستان سے چاول خریدنا شروع کر دیا اور اُسے بھارتی چاول کہہ کر فروخت کرتا رہا، جس سے پاکستان میں چاول کی قیمتیں دگنی تگنی ہو گئیں۔ پاکستان میں اگر عوام کا درد رکھنے والی حکومت ہوتی تو وہ چاہے برآمد پر پابندی نہ لگاتی کہ چاول زرمبادلہ حاصل کرنے کا ایک بڑا ذریعہ ہے البتہ وہ یہ پالیسی بنا سکتی تھی کہ وہ چاول کی برآمد کی اجازت صرف پاکستانی فرموں کو دے گی اور چاول برآمد کرنے والی ہر فرم بدیشی گاہک سے براہ راست رابطہ سے چاول فروخت کرے گی۔ حکومتی نااہلی سے پاکستانیوں کو دوہرا نقصان ہوا۔ ایک یہ کہ چاول ملک میں انتہائی مہنگا ہو گیا اور دوسرا یہ کہ پاکستانی برآمد کنندگان کی حوصلہ شکنی ہوتی اُنہیں مارکیٹ سے مہنگے چاول خرید کر برآمدی آرڈر بھگتانے پڑے، جس سے اُنہیں مالی نقصان ہوا۔

دنیا کے تمام ترقی یافتہ ممالک ایسی تجارتی پالیسیاں بناتے ہیں جس سے وہ بیلنس قائم رکھتے ہیں۔ ایک طرف وہ کسی ایسی بنیادی ضرورت کی کھلی برآمد کی اجازت نہیں دیتے جس سے قیمتیں بڑھ جائیں اور عوام کے لئے پریشانی کا باعث بنے۔ دوسری طرف وہ اپنے برآمد کنندگان کو ایسی سہولتیں فراہم کرتے ہیں کہ وہ عالمی منڈی میں ہر وقت متحرک رہتا ہے اور جو اشیا ملک میں وافر ہوں، اُس کے گاہک تلاش کرتا ہے۔ (باقی صفحہ 16 پر)





# فرمانِ خدا

## (فرشتوں سے)

اٹھو میری دنیا کے غریبوں کو جگا دو
کاخِ اُمراء کے در و دیوار ہلا دو

گرماؤ غلاموں کا لہو سوزِ یقیں سے
کنجشکِ فرومایہ کو شاہیں سے لڑا دو

سلطانیٔ جمہور کا آتا ہے زمانہ
جو نقشِ کہن تم کو نظر آئے مٹا دو

جس کھیت سے دہقاں کو میسر نہیں روزی
اس کھیت کے ہر خوشۂ گندم کو جلا دو

کیوں خالق و مخلوق میں حائل رہیں پردے
پیرانِ کلیسا کو کلیسا سے اُٹھا دو

حق را بسجودے، صنماں را بطوافے
بہتر ہے چراغِ حرم و دَیر بجھا دو!

میں ناخوش و بیزار ہوں مرمر کی سِلوں سے
میرے لیے مٹی کا حرم اور بنا دو!

تہذیبِ نوی کارگہِ شیشہ گراں ہے
آدابِ جنوں شاعرِ مشرق کو سِکھا دو!

---

لینن کی عرضداشت اور فرشتوں کا تائیدی بیان سُننے کے بعد خدا نے فرشتوں کو حکم دیا کہ دنیا میں جا کر غریبوں کو بیدار کرو اور اُن کے اندر ظلم وستم کا مقابلہ کرنے کا جذبہ پیدا کرو۔ غلام قوموں کے دل میں یقین کی آگ بھڑکا دو، تاکہ وہ ظالم و جابر حکمرانوں کا تختہ اُلٹ دیں۔ دنیا میں عوامی امنگوں کی عکاس حکومت یعنی خلافت کا نقشہ جما دو، اور سرمایہ داری اور ملوکیت کے پُرانے نقوش کو بالکل مٹا دو۔

1۔ اے فرشتو، اُٹھو۔ دنیا میں محنت کشوں، مزدوروں، کسانوں اور دوسرے بے سروسامان لوگوں کے ساتھ اہلِ ثروت اور اربابِ اقتدار جو بدسلوکی کر رہے ہیں، اُس کے تدارک کے لیے اب یہ تمہاری ذمہ داری ہے کہ میری دنیا کے غریبوں میں بیداری کی تحریک پیدا کر دو، اور طبقۂ امراء کے بلند و بالا محلات کے در و دیوار ہلا کر رکھ دو کہ اس کے بغیر انصاف ممکن نہیں۔

2۔ اِس مقصد کے لیے یہ امر ناگزیر ہے کہ جو لوگ دوسروں کے محکوم اور دست نگر ہیں، اُن کی غیرت اور خودی کو اس طرح بیدار کرو کہ اُن کا لہو جوش میں آ جائے۔ اس کے لیے یہ بھی لازم ہے کہ ان میں یقین و اعتماد پیدا کر دیا جائے۔ اسی صورت میں یہ بے بس و ناچار لوگ اِن سرمایہ داروں اور استعمار پرستوں کا مقابلہ کر سکتے ہیں، جو اُن پر اپنا تسلط جمائے ہوئے ہوں۔

o کنجشک: چڑیا فرومایہ: بے حقیقت، بے حیثیت

3۔ یہ بھی اچھی طرح سمجھ لو کہ اب حالات زمانہ میں بڑی تیزی کے ساتھ تبدیلیاں ہو رہی ہیں۔ بادشاہتیں اور سرمایہ داری کا نظام ختم ہو رہے ہیں۔ اِن کی جگہ اب عوام کے اقتدار کا زمانہ نزدیک آ رہا ہے۔ ظاہر ہے کہ اب عوام کے ہاتھ میں مکمل اختیارات ہوں گے، اس لیے تم پر لازم ہے کہ ماضی کے نقوش یعنی ظالمانہ بادشاہی اور آمرانہ نظاموں کو مٹا ڈالو تا کہ اس کے بعد ایک نئی دنیا، عادلانہ نظام کے ساتھ آباد کی جا سکے۔

4۔ اے فرشتو! ایک بات اچھی طرح یاد رکھو کہ کاشت کاروں کو جس کھیت سے اُس کی تمام تر محنت مشقت کے باوجود روزی اور معاوضہ میسر نہ ہو اور اُس کی تمام پیداوار زمیندار ہڑپ کر جاتا ہو، اُس کے اقدام سے پہلے ہی اُس کھیت کے ایک ایک خوشۂ گندم کو جلا کر راکھ کر دو۔ اگر محنت کش کاشت کار کو پیٹ بھرنے اور تن ڈھانپنے کے لیے اُجرت بھی نہیں ملتی تو پھر زمیندار کو بھی لوٹ کھسوٹ کا حق حاصل نہیں۔

5۔ سوال یہ ہے کہ میرے اور میری مخلوق کے درمیان پادریوں اور دوسرے مذہبی پیشواؤں نے جو بے جواز پردے حائل کر رکھے ہیں، وہ کیونکر ہٹائے جائیں۔ اس کا جواب یہ ہے کہ ان پادریوں اور مذہبی پیشواؤں کو ان عبادت گاہوں سے اٹھا کر باہر پھینک دو اور عبادت اور عبادت گاہوں پر اِن کی اجارہ داری ختم کر دو۔ مراد یہ ہے کہ مذہبی پیشواؤں نے عوام میں جو اپنی دکانداری چمکا رکھی ہے کہ اُن کے وسیلے کے بغیر مجھ تک اِن کی رسائی نہیں ہو سکتی، اس تاثر کو ختم کرنا ضروری ہے۔

6۔ اس شعر کے پہلے مصرعے کا ماخذ فارسی کا یہ شعر ہے:

زنہار ازاں قوم نباشی کہ فریبند حق را بسجودے و نبیؑ را بہ درودے

اے فرشتو! میں دیکھ رہا ہوں کہ مسلمانوں کی صورتِ حال یہ ہو گئی ہے کہ دکھاوے کے لیے مسجد میں گئے اور نمائشی سجدے کر لیے۔ یہی حال اُن لوگوں کا ہے جو بُت پرست ہیں کہ کبھی کبھار بُتوں کی پرستش کر لی اور بس۔ یہ سب لوگ ہی مذہب اور عقیدے کو ایک کھیل سے زیادہ اور کچھ نہیں سمجھتے۔

7۔ اے فرشتو! یاد رکھو کہ عبادت گاہوں میں جو قیمتی پتھر آویزاں کیے گئے ہیں اور قیمتی اشیاء سے اُن کی تزئین کی گئی ہے، میں اُن سے شدید بیزار اور ناخوش ہوں۔ ان سے بہتر یہ ہے کہ میری عبادت کے لیے تو سادہ سا مٹی کا حرم تعمیر کر دو۔ مراد یہ ہے کہ عبادت گاہوں کی آرائش و تزئین تو بے معنی شے ہیں۔ اصل مسئلہ یہ ہے کہ لوگوں میں عشقِ حقیقی کی لگن پیدا کی جائے۔ تصنع اور ظاہرداری تو خلوص و وفا کی ازلی دشمن ہیں۔

8۔ اے فرشتو! یہ بھی سمجھ لو کہ جدید تہذیب جو اِس وقت پورے انسانی معاشرے کا احاطہ کیے ہوئے ہے، شیشہ سازوں کے کارخانوں کی مانند ہے، جہاں ہر طرف شیشے آویزاں ہوتے ہیں، لیکن کسی شے کی معمولی ضرب ہی سے چکنا چور ہو جاتے ہیں۔ ایسی ناپائیدار تہذیب کو ختم کرنا ضروری ہے کہ جس میں عدم مساوات اور معاشی ناہمواریاں ہیں۔ اس کے خاتمے کے لیے لازم ہے کہ اقبال کو آدابِ جنوں سکھا دو کہ وہ اپنے تخلیقی فن کے ذریعے عوام کو مروجہ تہذیب کی بے اعتدالیوں اور خرابیوں سے آگاہ کر سکے کہ یہی طریقِ کار اس تہذیب کو ختم کرنے کے لیے ناگزیر ہے اور جب تک یہ تہذیب ختم نہ ہو گی اور نیا نظام اِس کی جگہ نہ لے گا، عالمی سطح پر امن قائم نہیں ہو سکتا اور نہ ہی لوگوں کو مسرت و شادمانی، اور خوشی و خوشحالی حاصل ہو سکتی ہے۔

# سانحۂ کربلا

حضرت ذوالنورین ؓ کی مظلومانہ شہادت سے لے کر کربلا کے سانحۂ فاجعہ تک مسلمانوں کی آپس میں جو مسلح آویزش رہی ہے اس میں درپردہ ان سبائیوں ہی کا ہاتھ تھا۔ مستند تواریخ اس حقیقت پر شاہد ہیں البتہ ان کو نگاہِ حقیقت بین اور انصاف پسندی کے ساتھ پڑھنا ہوگا

**مسجد جامع القرآن، قرآن اکیڈمی، لاہور میں بانی تنظیم اسلامی محترم ڈاکٹر اسرار احمد مدظلہ کے 18 جنوری 2008ء کے خطاب جمعہ کی تلخیص**

[سورۃ البقرہ کی آیات 152 تا 157 کی تلاوت اور ادعیہ مسنونہ کے بعد]

حضرات! دو دن بعد محرم الحرام 1429ھ کی دس تاریخ ہوگی جو "یوم عاشوراء" کہلاتا ہے۔ یقیناً یہ بات آپ کے علم میں ہوگی کہ 10 محرم الحرام سن 61 ہجری کو ایک نہایت افسوس ناک حادثہ دشتِ کربلا میں پیش آیا تھا' جس میں سبطِ رسولؐ سیدنا حضرت حسین ابن علی رضی اللہ تعالیٰ عنہما اور آپ کے خانوادے کے اکثر افراد نیز آپؓ کے اعوان و انصار کی کثیر تعداد نے جامِ شہادت نوش فرمایا تھا۔ اس حادثہ کے متعلق یہ بات اچھی طرح سمجھ لی جانی چاہئے کہ یہ اچانک ظہور پذیر ہونے والا حادثہ نہیں تھا بلکہ درحقیقت اسی سبائی سازش کا ایک مظہر تھا جو پورے پچیس سال قبل اس سے بھی کہیں زیادہ افسوس ناک حادثے کو جنم دے چکی تھی' یعنی نبی اکرم ﷺ کے دوہرے داماد اور تیسرے خلیفۂ راشد حضرت عثمان ذوالنورین ؓ کی مظلومانہ شہادت۔

جب نبی اکرم ﷺ نے تاریخ کا عظیم ترین معجزہ دنیا کو دکھا دیا یعنی ﴿جَآءَ الْحَقُّ وَزَهَقَ الْبَاطِلُ﴾ کا نقشہ بالفعل قافلۂ انسانیت کو چشمِ سر سے دیکھنے کا موقع فراہم فرما دیا اور ایک وسیع وعریض خطۂ زمین پر حق کو بالفعل قائم و نافذ فرما کر رہتی دنیا تک کے لئے ایک کامل نمونہ پیش فرما دیا تو حق غالب اور باطل سرنگوں ہوگیا لیکن باطل نے انقلابِ محمدی علیٰ صاحبہا الصلوٰۃ والسلام کے آخری مرحلے میں وہی روش اختیار کی کہ وقتی طور پر شکست تسلیم کر کے وہ اس انتظار میں رہا کہ موقع آئے تو میں وار کروں اور کاری وار کروں۔ چنانچہ آنحضور ﷺ کے انتقال کے فوراً بعد فتنوں کا ہجوم اٹھ کھڑا ہوا۔ کئی کاذب مدعیانِ نبوت میدان میں آ گئے اور ان کے ساتھ کافی جمعیت ہوگئی۔ پھر مانعین و منکرینِ زکوٰۃ سے سابقہ پیش آیا اور اہلِ ایمان کو بیک وقت ایسے ایسے عظیم فتنوں سے نبرد آزما ہونا پڑا کہ وقتی طور پر تو محسوس ہوتا تھا کہ حق کا چراغ اب بجھا کہ بجھا! یہ درحقیقت وہ انقلاب دشمن قوتیں (Counter-Revolutionary Forces) تھیں جن سے عہدہ برآ ہونے کے لئے واقعتاً صدیق ہی نہیں بلکہ صدیق اکبر کی شخصیت درکار تھی رضی اللہ تعالیٰ عنہ وارضاہ۔ صدیق دراصل نبی کا عکس کامل ہوتا ہے۔ چنانچہ حضرت ابوبکر صدیق ؓ نے ثابت کر دیا کہ جس انقلاب کی تکمیل نبی اکرم ﷺ نے بنفسِ نفیس فرمائی تھی اس کے خلاف آپؐ کی وفات کے بعد جو ردِّعمل ظاہر ہوا' اس کی سرکوبی کرنے کی پوری صلاحیت اور عزیمت اور آہنی قوتِ ارادی ان کے نحیف و نزار جسم میں موجود تھی۔ حضرت ابوبکر ؓ نے نبی اکرم ﷺ کے انقلاب کو مستحکم (Consolidate) کیا اور زمامِ کار حضرت عمر فاروق ؓ کے حوالے کر کے وہ بھی اپنے مالکِ حقیقی کی طرف مراجعت فرما گئے۔

حضرت عمر فاروقؓ کے دورِ خلافت میں انقلابِ محمدی علیٰ صاحبہا الصلوٰۃ والسلام کے زیرِ نگیں عراق و شام و فارس (ایران) کے پورے کے پورے ملک اور شمالی افریقہ کا مصر سے مراکش تک کا وسیع علاقہ آ گیا اور اس پر اسلام کا جھنڈا لہرانے لگا اور اللہ کا دین غالب و نافذ ہوگیا۔ اس کے ردِّعمل میں مخالفانہ تحریکیں (Reactionary Movements) اٹھ کھڑی ہوئیں! چنانچہ باطل نے پہلا وار کیا حضرت عمر فاروقؓ کی ذات پر۔ باطل پرست یہ سمجھتے تھے کہ شاید یہ پوری عمارت اسی ایک ستون پر کھڑی ہے' اس کو گرا دو تو عمارت زمین بوس ہو جائے گی۔ الحمد للہ کہ ان کی توقع غلط ثابت ہوئی اور عمارت برقرار رہی۔ یہ خالص ایرانی سازش تھی۔ ابولؤلؤ فیروز پارسی ایرانی غلام اور اس کی پشت پر ہرمزان ایک ایرانی جرنیل تھا۔

اس سازش کی ناکامی کے بعد جو دوسرا وار ہوا' وہ بہت کاری وار تھا۔ اس میں یہود کی عیاری اور کیادی شامل تھی۔ ان کا سازشی ذہن اور اس میں مہارت ضرب المثل بن چکی ہے۔ عبداللہ بن سبا یمن کا ایک یہودی اٹھا' اسلام کا لبادہ اوڑھا، مدینہ منورہ میں آ کر قیام کیا اور نئے نئے شگوفے چھوڑنے شروع کر دیئے۔ کہیں محبتِ آلِ رسولؐ کے پردے میں حضرت عثمان ؓ کی خلافت کے متعلق وسوسہ اندازی کی اور حضرت علی ؓ کے استحقاقِ خلافت کا پروپیگنڈا کیا۔ اس نے کہا کہ ہر نبی کا ایک وصی ہوتا ہے اور وہی خلافت کا حق دار ہوتا ہے' تو اصل میں حضور ﷺ کے وصی حضرت علی ؓ ہیں لہٰذا خلافت کے حق دار وہ ہیں۔ ان کی بجائے جو بھی مسندِ خلافت پر فائز ہوا یا اب ہے' وہ غاصب ہے۔ کہیں حضرت علی ؓ کی الوہیت کے عقیدے کا پرچار کیا جس سے اسلام کی جڑ "توحید" پر کاری ضرب لگتی ہے۔ ایرانی نومسلم جن کی گھٹی میں نسلاً بعد نسلٍ شاہ پرستی اور Hero Worship پڑی ہوئی تھی اور جو نسب کی بنیاد پر اقتدار کی منتقلی کے خوگر تھے' ان پر اس کا کتنا گہرا اثر ہوا ہوگا!

ان باتوں نے سادہ لوح لوگوں کے ذہنوں اور دلوں میں گھر کرنا شروع کر دیا۔ یہ شخص مدینہ سے بصرہ گیا' وہاں بھی اس نے اپنا ایک مرکز قائم کیا۔ پھر کوفہ گیا' وہاں اس نے اپنا ایک مرکز قائم کیا۔ دمشق جا کر وہاں کوشش کی لیکن وہاں دال نہ گلی۔ پھر مصر گیا' وہاں اپنے ہم خیالوں کی ایک جماعت پیدا کی۔ یوں ہر طرف اس نے ایک فتنہ و فساد کی فضا پیدا کر دی اور حضرت عثمان ؓ کے دورِ خلافت کے آخری دو سال اس فتنہ و فساد کی نذر ہو گئے جس کا نتیجہ یہ نکلا کہ امامِ مظلوم حضرت عثمان ؓ کی شہادت ہوئی جو تاریخ انسانی کی عظیم ترین مظلومانہ شہادت ہے۔ اس کی وجہ یہ ہے کہ اگرچہ وہ اس وقت عظیم ترین مملکت کے فرماں روا تھے' لاکھوں کی تعداد میں فوجیں موجود تھیں جو ان کے اشارے پر کٹ مرنے کے لئے تیار تھیں۔ جب مٹھی بھر باغیوں نے اس شہیدِ مظلوم کا محاصرہ کر رکھا تھا تو مختلف صوبوں کے گورنروں کی طرف سے استدعا آ رہی تھی کہ ہم کو اجازت دیجئے کہ ہم فوجیں لے کر حاضر ہو جائیں اور

فرمایا تھا اس میں کجی کی بنیاد پڑ جائے گی لہٰذا اسے ہر قیمت پر روکنا ضروری ہے۔ یہ رائے ان کی تھی اور پوری نیک نیتی سے تھی۔ یہ بھی ذہن میں رکھیے کہ کوفہ صرف ایک شہر ہی نہیں تھا بلکہ سیاسی اور فوجی حیثیت سے اس کی بھی بڑی اہمیت تھی۔ یہ سب سے بڑی چھاؤنی تھی جو حضرت عمر فاروقؓ کے دور میں قائم کی گئی تھی اس لئے کہ یہ وہ مقام ہے جس سے اس شاہراہ کا کنٹرول ہوتا ہے جو ایران اور شام کی طرف جاتی ہے۔ لہٰذا حضرت حسینؓ یہ رائے رکھتے تھے کہ اگر کوفہ کی عظیم اکثریت ان کا ساتھ دینے کے لئے آمادہ ہے' جیسا کہ ان کے خطوط سے ظاہر ہوتا ہے تو اس کے ذریعے اسلامی نظام میں لائی جا رہی تبدیلی کا ازالہ کیا جاسکتا ہے اور اس کا راستہ روکا جاسکتا ہے۔ لیکن اس رائے سے اختلاف کر رہے ہیں حضرت عبداللہ بن عباسؓ' حضرت عبداللہ بن عمر اور حضرت عبداللہ بن زبیر رضی اللہ عنہم اجمعین۔ یہ اختلاف بھی معاذ اللہ بدنیتی پر مبنی نہیں تھا۔ حضرت حسینؓ بھی اور یہ تینوں عبادلہ بھی نیک نیت تھے۔ ان تینوں حضرات نے لاکھ سمجھایا کہ آپ کوفہ والوں پر ہرگز اعتماد نہ کیجیے۔ یہ لوگ قطعی بھروسے کے لائق نہیں ہیں۔ یہ لوگ جو کچھ آپ کے والدِ بزرگوار کے ساتھ کرتے رہے ہیں' اس کو یاد کیجیے۔ جو کچھ آپ کے برادرِ محترم کے ساتھ کر چکے ہیں' اس کو پیش نظر رکھیے۔ یہ عین ممکن ہے کہ ان کے دل آپ کے ساتھ ہوں' لیکن ان کی تلواریں آپ کی حمایت میں نہیں اٹھیں گی بلکہ معمولی خوف یا دباؤ یا لالچ سے آپ کے خلاف اٹھ جائیں گی۔ حضرت عبداللہ بن عباسؓ اور حضرت عبداللہ بن عمرؓ دونوں نے بہت سمجھایا کہ مکہ سے نہ نکلئے۔ یا کم از کم ان عورتوں اور بچوں کو مکہ مکرمہ ہی میں چھوڑ جائیے۔ لیکن نہیں' دوسری جانب عزیمت کا ایک کوہ گراں ہے' پیکرِ شجاعت ہے' سراپا استقامت ہے۔ نیک نیتی سے جو فیصلہ کیا ہے' اس پر ڈٹے ہوئے ہیں۔ اس کے بعد راستے میں جب اطلاع ملی کہ حضرت مسلم بن عقیلؓ جو ایلچی اور تحقیق کنندہ کی حیثیت سے کوفہ گئے تھے' وہاں شہید کر دیئے گئے اور کوفہ والوں کے کانوں پر جوں تک نہیں رینگی سب کے سب نے گورنرِ کوفہ کے سامنے حکومت وقت کے ساتھ وفاداری کا عہد استوار کر لیا ہے تو حضرت حسینؓ نے سوچنا شروع کیا کہ سفر جاری رکھا جائے یا مکہ واپسی ہو۔

لیکن ذہن میں رکھیے کہ ہر قوم کا ایک مزاج ہوتا ہے جو انسان کی شخصیت کا جزو لاینفک ہوتا ہے۔ عرب کا مزاج یہ تھا کہ خون کا بدلہ لیا جائے خواہ اس میں خود اپنی جان سے بھی کیوں نہ ہاتھ دھو لینے پڑیں۔ چنانچہ حضرت مسلمؓ کے عزیز رشتہ دار کھڑے ہو گئے کہ اب ہم ان کے خون کا بدلہ لئے بغیر واپس نہیں جائیں گے۔ حضرت حسینؓ کی شرافت اور مروّت کا تقاضا تھا کہ وہ ان لوگوں کا ساتھ نہ چھوڑیں جو ان کے مشن میں ان کا ساتھ دینے کے لئے نکلے تھے۔ یہ کیسے ممکن تھا کہ حضرت مسلم بن عقیلؓ کے خونِ ناحق کا بدلہ لینے کے عزم کا اظہار کرنے والوں کا ساتھ یہ پیکرِ شرافت و مروّت نہ دیتا! لہٰذا سفر جاری رہا۔ اسی دوران حضرت عبداللہ بن جعفر طیارؓ جو چچا زاد بھائی ہیں' ان کے بیٹے حضرت عون اور حضرت محمد ان کا پیغام لے کر آئے ہیں کہ "خدا کے لئے اُدھر مت جاؤ"۔ لیکن فیصلہ اٹل ہے۔ ان دونوں کو بھی ساتھ لیتے ہیں اور سفر جاری رہتا ہے حتیٰ کہ قافلہ دشتِ کربلا میں پہنچ گیا۔ اُدھر کوفہ سے گورنر ابن زیاد کا لشکر آ گیا۔ یہ لشکر ایک ہزار افراد پر مشتمل تھا اور اس کو صرف ایک حکم تھا کہ وہ حضرت حسینؓ کے سامنے یہ دو صورتیں پیش کرے کہ آپ نہ کوفہ کی طرف جاسکتے ہیں نہ مکہ مکرمہ یا مدینہ منورہ کی طرف مراجعت کر سکتے ہیں' ان دونوں سمتوں کے علاوہ جدھر آپ جانا چاہیں اس کی اجازت ہے۔ یہ تیسرا راستہ دمشق کا سا ہو سکتا تھا! لیکن حضرت حسینؓ نے اسے اختیار نہ کیا بلکہ آپ وہیں ڈٹے رہے۔ اب عمرو بن سعد کی قیادت میں مزید چار ہزار کا لشکر کوفہ سے پہنچ گیا۔ اور یہ عمرو بن سعد کون تھے؟ افسوس کہ ان کے نام کو گالی بنا دیا گیا ہے۔ یہ تھے حضرت سعد بن ابی وقاصؓ فاتح ایران اور یکے از عشرہ مبشرہ کے بیٹے جن کی حضرت حسینؓ کے ساتھ قرابت داری بھی ہے۔ وہ بھی مصالحت کی انتہائی کوشش کرتے ہیں اور گفت و شنید جاری رہتی ہے۔ اب حضرت حسینؓ کی طرف سے تین صورتیں پیش ہوتی ہیں۔ یعنی یہ کہ: "یا مجھے مکہ مکرمہ واپس جانے دو' یا مجھے اسلامی سرحدوں کی طرف جانے دو تاکہ میں کفار کے خلاف جہاد و قتال میں اپنی زندگی گزار دوں' یا میرا راستہ چھوڑ دو۔ میں دمشق چلا جاؤں۔ میں یزید سے اپنا معاملہ خود طے کر لوں گا"۔ لیکن اب گھیرا تنگ ہو گیا ہے اور صورت حال یکسر بدل گئی ہے۔ یہ بھی خوب جان لیجیے کہ اس کی اصل وجہ کیا ہے!

حضرت حسینؓ نے میدانِ کربلا میں ابن زیاد کے بھیجے ہوئے لشکروں کے سامنے جو خطبات دیئے اس میں انہوں نے بھانڈا پھوڑ دیا کہ میرے پاس کوفیوں کے خطوط موجود ہیں جنہوں نے مجھے یہاں آنے کی دعوت دی تھی۔ انہوں نے اس کوفی فوج کے بہت سے سرداروں کے نام لے لے کر فرمایا "اے فلاں ابن فلاں! یہ تمہارے خط ہیں کہ نہیں؟ جن میں تم نے مجھ سے بیعت کرنے کے لئے مجھے کوفہ آنے کی دعوت دی تھی"۔ اس پر وہ لوگ براءت کرنے لگے کہ نہیں ہم نے یہ خطوط نہیں بھیجے۔ مفاہمت کی صورت میں جب یہ خطوط سامنے آتے تو ان کا حشر کیا ہوتا' اس کو اچھی طرح آج بھی سمجھا جاسکتا ہے۔ نتیجہ یہ ہوا کہ ان سرداروں اور ان کے حواریوں نے مصالحت و مفاہمت کا سلسلہ جاری رہنے نہیں دیا اور عمرو بن سعد کو مجبور کر دیا کہ وہ حضرت حسینؓ کے سامنے یہ شرط پیش کرے کہ یا تو غیر مشروط طور پر Surrender کیجیے' ورنہ جنگ کیجیے۔ یہ سازشی لوگ حضرت حسینؓ کے مزاج سے اتنے ضرور واقف تھے کہ ان کی غیرت وحمیت غیر مشروط طور پر حوالگی کے لئے تیار نہیں ہو گی اور فی الواقع ہوا بھی یہی۔ لہٰذا انہوں نے غیر مشروط Surrender کرنے سے انکار کر دیا اور مسلح تصادم ہو کر رہا' جس کے نتیجے میں سانحہ کربلا واقع ہوا۔ دادِ شجاعت دیتے ہوئے آپ کے ساتھی شہید ہوئے۔ آپ کے اعزہ و اقارب نے اپنی جانیں نچھاور کیں اور آپ نے بھی تلوار چلاتے ہوئے اور دشمنوں کو قتل کرتے ہوئے جامِ شہادت نوش فرمایا۔ اناللہ وانا الیہ راجعون۔

یہ ہے اصل حقیقت اس سانحہ فاجعہ کی۔ اصل سازشی ذہن کو پہچانئے! حضرت ذوالنورینؓ کی مظلومانہ شہادت سے لے کر کربلا کے سانحہ فاجعہ تک مسلمانوں کی آپس میں جو مسلح آویزش رہی ہے' اس میں درپردہ ان سبائیوں ہی کا ہاتھ تھا۔ مستند تواریخ اس حقیقت پر شاہد ہیں' البتہ ان کو نگاہِ حقیقت بین اور انصاف پسندی کے ساتھ پڑھنا ہوگا۔ جنگِ جمل میں حضرت علیؓ کو فتح ہوئی۔ آنجناب نے حضرت عائشہ صدیقہؓ کے ساتھ کیا معاملہ کیا؟ بالکل وہی جو ایک بیٹے کو ماں کے ساتھ کرنا چاہیے۔ چالیس خواتین اور حضرت صدیقہؓ کے لشکر کے معتبر ترین لوگوں کے ہمراہ پورے ادب واحترام کے ساتھ اُن کو مدینہ منورہ پہنچا دیا۔ معلوم ہوا کہ نہ ذاتی دشمنی تھی نہ بغض وعناد۔ اور اِدھر کیا ہوا؟ معاذ اللہ' ثم معاذ اللہ' کیا امیر یزید نے خاندانِ رسالتؐ کی خواتین کو اپنی لونڈیاں بنایا؟ آخر وہ دمشق بھیجی گئی تھیں' لیکن وہاں کیا ہوا؟ ان کا پورا احترام کیا گیا' ان کی دلجوئی کی گئی' ان کی خاطر مدارات کی گئی۔ امیر یزید نے انتہائی تاسف کا اظہار کیا اور کہا کہ "ابن زیاد اس حد تک نہ بھی جاتا تو بھی میں اس سے راضی رہ سکتا تھا۔ کاش وہ حسینؓ کو میرے پاس آنے دیتا' ہم خود ہی باہم کوئی فیصلہ کر لیتے"۔ لیکن کربلا میں جو کچھ ہوا' وہ اس فتنے کی وجہ سے ہوا جو کوفیوں نے بھڑکایا تھا۔ وہ اپنی دوعملی اور منافقت کی پردہ پوشی کے لئے نہیں چاہتے تھے کہ مصالحت و مفاہمت کی کوئی صورت پیدا ہو۔ ان کو جب محسوس ہوا کہ ہماری سازش کا بھانڈا پھوٹ جائے گا تو انہوں نے وہ صورت حال پیدا کر دی جو ایک نہایت دردناک اور الم انگیز انجام پر منتج ہوئی۔

یہ سانحہ فاجعہ انتہائی افسوس ناک تھا' اس سے کون اختلاف کرسکتا ہے! اس نے تاریخ پر جو گہرے اثر ڈالے ہیں' وہ اظہر من الشمس ہیں۔ اس کڑوے اور کسیلے پھل کا مزا اُمت چودہ سو سال سے چکھتی چلی آرہی ہے۔

# قومی یکجہتی وقت کی اہم ترین ضرورت ہے

## صوبائی عصبیت کو ہوا دینے سے گریز کیجیے!

محمد سمیع

پاکستانی عوام کو ہر صبح خوفناک خبروں کا تواتر کے ساتھ سامنا ہے۔ سوتی آنکھوں سے تو رات میں بھیانک خواب نظر آتے ہیں جنہیں انگریزی میں Nightmare کہا جاتا ہے، لیکن جاگتی آنکھوں کو صبح صبح جن خوفناک خبروں کا سامان ہے انہیں کیا نام دیا جائے۔ ادھر چند دنوں میں جو خبریں آئی ہیں ان میں سے چند کا خلاصہ کچھ یوں ہے۔

1۔ افغانستان کے صدر حامد کرزئی کا بیان سامنے آیا ہے کہ ہزاروں خاندان پاکستان سے ہجرت کر کے افغانستان میں داخل ہو رہے ہیں۔ وہ پاکستان کی جانب سے اپنے ہم وطنوں کی جنہوں نے افغان جہاد کے دوران پاکستان کو ہجرت کی تھی، میزبانی کا قرض چکائیں گے۔ اللہ کا شکر ہے کہ انہوں نے یہ نہیں کہا کہ ہم ان کے لئے مہاجر کیمپ کھول رہے ہیں۔ (ویسے مستقبل میں ہمیں ایسی خبر سننی پڑ جائے تو کوئی حیرت کی بات نہ ہوگی) پاکستانی عوام کے لئے کوئی خبر اب باعث حیرت نہیں۔ البتہ مہاجر کیمپس کے تذکرے سے 1970ء کے وہ مہاجر کیمپس یاد آئے جو بھارت نے سابق مشرق پاکستان سے ہجرت کرنے والے بنگالیوں کے لئے قائم کئے تھے اور پھر مکتی باہنی کا قیام، ان کی شورش، بھارت کا حملہ اور سقوط ڈھاکہ، یہ ساری بدقسمتیاں ہمارے حصے میں آئیں۔ کیا تاریخ ایک نئے زاویے سے اپنے آپ کو دہرانے والی ہے؟ اللہ پاکستان کی حفاظت فرمائے۔ آمین

2۔ پاکستان کی دگرگوں صورتحال کے پیش نظر امریکہ نے پاکستان کی ایٹمی تنصیبات پر قبضے کے لئے ایک فوجی دستہ تیار کرلیا ہے۔ قارئین! آپ کو یاد ہوگا کہ ماضی میں نام نہاد دہشت گردی کے خلاف عالمی اتحاد میں ہماری شمولیت کے جو مختلف فوائد گنوائے گئے تھے، ان میں ایک یہ بھی تھا کہ ہمارے حساس اثاثوں کو تحفظ ملے گا۔ تحفظ کیا ملتا الٹا لینے کے دینے پڑتے نظر آ رہے ہیں۔ اللہ تعالیٰ وطن عزیز کو اس کے دشمنوں کی ریشہ دوانیوں سے محفوظ فرمائے۔ (آمین)

3۔ پینٹاگون میں ایک اجلاس کے دوران یہ فیصلہ کیا گیا ہے کہ پاکستان کے قبائلی علاقوں میں بڑھتی ہوئی شورش پر قابو پانے کے لئے امریکی سی آئی اے کو ذمہ داری تفویض کردی گئی ہے اور اسے اختیار دے دیا گیا ہے کہ وہ ضروری کارروائی کرے۔ پاکستانی دفتر خارجہ نے بجا طور پر ایسے کسی اقدام کو ملک کی خودمختاری پر حملہ کے مترادف قرار دیا ہے لیکن ماضی قریب میں کیا امریکہ کے اتحادیوں کی جانب سے قبائلی علاقوں میں بمباری نہیں کی گئی۔ ہماری حکومت نہ صرف ایسے حملوں کو بند نہ کرواسکی بلکہ بعض ایسی جارحانہ کوششوں کو own کیا ہے۔

4۔ امریکہ میں ہونے صدارتی انتخابات کے مہم کے دوران چند امیدواروں نے پاکستان میں عسکریت پسندوں سے نمٹنے کے لئے امریکہ کی فوجی کارروائی کے ممکنہ اقدام کی حمایت کی ہے اور ہیلری کلنٹن نے تو پاکستان کے ایٹمی تنصیبات کے تحفظ کے لئے امریکہ اور برطانیہ پر مشترکہ

> **چند ووٹوں اور اقتدار میں آنے کے لئے صوبائی تعصب کو ہوا دینا قابل مذمت ہے تعصب کی آگ بھڑکانے والے خود اس آگ میں جل جائیں گے**

ذمہ داری ڈالی ہے، تاکہ ان کے مطابق انتہا پسند ان پر قابض نہ ہوجائیں،

اب تو ایسا محسوس ہوتا ہے کہ جس طرح افغانستان پر حملے کے لئے نائن الیون کا ڈرامہ رچایا گیا تھا، خدانخواستہ پاکستان پر حملے کے لئے سانحہ لیاقت باغ کا منصوبہ بنایا گیا تاکہ اس کے ردعمل میں یہاں خانہ جنگی جیسی صورتحال پیدا ہو اور امریکہ کو مداخلت کا جواز ملے۔ اس موقع پر علامہ اقبال کے اشعار یاد آ رہے ہیں جو برصغیر کے لوگوں کو تنبیہہ کے لئے کہے تھے جو آج ہم پر صادق آ رہے ہیں کہ۔

وطن کی فکر کر ناداں مصیبت آنے والی ہے
تری بربادیوں کے مشورے ہیں آسمانوں میں
نہ سمجھو گے تو مٹ جاؤ گے اے ہندوستاں والو!
تمہاری داستاں تک بھی نہ ہوگی داستانوں میں

لیکن افسوس کہ ہمارے سیاستداں نہ صرف یہ کہ صورتحال کی سنگینی کا ادراک نہیں کر رہے بلکہ لاشعوری طور پر دشمنوں کے عزائم کی تکمیل کی راہ ہموار کر رہے ہیں۔ آج کل ایک سیاسی جماعت کی جانب سے اخبارات میں خاصے بڑے سائز کے اور رنگین اشتہارات (اخبارات کے پہلے صفحے پر نصف صفحہ پر مشتمل) آ رہے ہیں جن کے ذریعہ عوام میں یہ باور کرانے کی کوشش کی جا رہی ہے کہ ملک میں سانحہ لیاقت باغ پر جو ردعمل آیا ہے وہ سارا پیپلز پارٹی کا کیا دھرا ہے۔ اس طرح ایک ایسی جماعت کو جو ماضی میں فیڈریشن کی سیاست کرتی رہی ہے اور سانحہ لیاقت باغ کے ردعمل کے طور پر کچھ سرپھروں کے پاکستان مخالف نعروں کو مسترد کرتے ہوئے ایک بار پھر وفاق کے استحکام کا اپنے آپ کو ضامن قرار دیا ہے، دیوار سے لگانے کی کوشش کی جا رہی ہے۔ دوسری جانب اس اشتہار کے نتیجے میں سندھ اور پنجاب کے عوام میں ایک دوسرے کے لئے نفرت کی راہ ہموار کی جا رہی ہے۔ اس اشتہار کا عنوان "صرف تین دن میں 100 ارب روپے کا نقصان" رکھا گیا ہے۔ اس 100 ارب روپے کے نقصان کا تخمینہ کس طرح لگایا گیا جبکہ نقصانات کا تخمینہ لگانے کے لئے کمیشن کا قیام اس کے بعد میں آیا ہے۔ بہرحال مشتہر جماعت نے اس کی ضرورت ہی محسوس نہیں کہ اس اشتہار میں وہ واضح کرتے کہ یہ تخمینہ انہوں نے کیسے لگایا کیونکہ "مستند ہے ان کا فرمایا ہوا" اس اشتہار میں یہ بھی درج ہے کہ "پاکستان مسلم لیگ سندھ کے ورکرز، امیدوار قومی وصوبائی اسمبلی اور پنجابی، مہاجر، پٹھان اور بلوچ آبادکار جو ان واقعات سے متاثر ہوئے ہیں، دادرسی کے لئے ریلیف سیل کے درج ذیل نمبروں پر رابطہ کریں"۔ سندھ کے ان عوام کا کوئی تذکرہ نہیں جو ان ہنگاموں کے دوران متاثر ہوئے۔ مہاجروں کے لئے یہ لمحہ فکریہ ہے کہ انہیں ان کے اس دعوے کے باوجود کہ وہ بھی سندھی ہیں کیونکہ یہاں رہائش اختیار کرنے کے بعد ان کی حیثیت سندھی کی ہوگئی ہے، اس اشتہار میں انہیں سندھیوں سے الگ کردیا گیا ہے۔ اب یہ ان پر منحصر ہے کہ وہ اس پیشکش سے فائدہ اٹھاتے ہیں یا نہیں۔ مجھے یقین ہے کہ وہ اس پیشکش کو رد کردیں گے۔ کیونکہ ان کے سامنے بنگلہ دیش میں محصور اپنے لاکھوں بھائیوں کا حشر معلوم ہے جو 36 سال گزرنے کے بعد بھی بے وطن ہیں اور وہاں جانوروں سے بدتر زندگی گزارنے پر مجبور ہیں، ایک ایسی سرزمین میں جس سے وہ تعلق اختیار کر چکے ہیں لیکن افسوس کہ ہم پاکستانیوں نے بھی ان سے قطع تعلق کرلیا ہے۔ ویسے اس اشتہار کے مرتب کرنے والوں کو داد دیجے (باقی صفحہ 16 پر)

# چلے کہاں کے لئے تھے ہم آگئے کہاں

محبوب الحق عاجز

دین و وطن کا درد رکھنے والے اہل دانش و بینش کل تک حکمرانوں اور عوام کو متنبہ کر رہے تھے کہ خدارا باز آجاؤ، ملک و ملت کو درپیش خطرات کی گھنٹیاں مسلسل سنائی دے رہی ہیں۔ مگر جب دلوں پر غفلت کے پردے پڑ جائیں، آنکھوں پر دبیز پٹیاں آجائیں، گوش سماعت سے محروم ہو جائیں، تو عقل و دانش کی بات کسے سنائی دیتی ہے۔ کون بڑھ کر اس پر لبیک کہتا ہے۔ اگر ایسا ہوتا تو ملت اسلامیہ کی تاریخ سقوط بغداد، سقوط غرناطہ اور سقوط ڈھاکہ کے المناک سانحوں سے داغدار نہ ہوتی۔ "ہنوز دلی دور است" کی مجرمانہ غفلت اگر بروئے کار نہ آتی تو آج برصغیر کا جغرافیہ ہی کچھ اور ہوتا۔ صاحبو! خطرے کی گھنٹیاں اب گزرے کل کی بات ہے، آج کا منظر کچھ اور ہے۔ خطرات کے بادل اب تو ہمارے سروں پر منڈلانے لگے ہیں۔

نائن الیون کے خونی ڈرامے کے بعد جس کا الزام بظاہر اسامہ بن لادن اور القاعدہ پر لگایا گیا، مگر جس کی اصل ہدایت کار خود امریکی سی آئی اے اور اسرائیلی موساد تھی، امریکی استعمار اور اتحادیوں نے برادر اسلامی ملک افغانستان پر یلغار کی۔ اِس موقع پر "تم ہمارے ساتھ ہو یا ہمارے خلاف" کی صدا اور پتھر کے دور میں دھکیل دینے اور تورا بورا بنا دینے کے دھمکی آمیز پیغام نے ہمارے بہادر جرنیل کا دل دہلا دیا۔ چنانچہ ہم نے طالبان کی اسلامی حکومت کے خلاف امریکہ کی کروسیڈی یلغار کا ساتھ دینے کا فیصلہ کیا۔ ہماری سرکاری اور درباری دانش نے اِسے زمینی حقائق کا نام دیا اور اِس کا خوب دفاع کیا۔ مگر حقیقت میں یہ اِسی "حکیمانہ" اور "دانشمندانہ" فیصلہ کا کیا دھرا ہے کہ آج ہم ایک ایسے خطرناک مقام پر آپہنچے ہیں، جہاں کوئی راہ ہمیں سجھائی نہیں دے رہی۔ ملک کی بقا و سلامتی سوالیہ نشان بن چکی ہے۔ داخلی سطح پر ہم ایک خوفناک بحران سے دوچار ہیں، جو تشویش کی تمام حدوں کو پھلانگ رہا ہے۔ بدامنی و انتشار، ظلم و ناانصافی، چوری ڈکیتی اور لاقانونیت اگرچہ ایک عرصہ ہوا، ملک پر مسلط تھی مگر گزشتہ آٹھ سالوں میں ملک میں قتل و غارت گری، خودکش حملوں، نہتے اور بے قصور قبائلی بھائیوں بہنوں اور مدارس کے معصوم بچوں اور بچیوں کے خلاف سفاکانہ آپریشنوں کا جو مہیب سلسلہ چل نکلا ہے، اُس کی مثال ہماری ساٹھ سالہ تاریخ میں نہیں ملتی۔ اگر اِس دور کو "عہد خون رنگ" کا نام دیا جاتا ہے تو یہ بلاوجہ نہیں۔ وزیرستان سے لے کر بلوچستان تک، اور باجوڑ اور سوات سے لے کر لال مسجد اور لیاقت باغ تک بھی خون کہانی ہے، جس نے سرزمین پاک کے چپہ چپہ کو بے گناہوں کے لہو سے رنگین کر دیا ہے۔

خارجی سطح پر دیکھئے، وہ خطرہ جس کی دہائی دی جا رہی تھی، اب تصور سے حقیقت بن کر ہمارے سامنے آچکا ہے۔ اِس امر کے باوجود کہ گزشتہ آٹھ سالوں میں ہم نے

> تشویشناک امر یہ ہے کہ صدر نے قبائلی علاقوں میں مشترکہ کارروائی کے امکان کو رد نہیں کیا۔ انہوں نے کہا اگر امریکہ نے اسامہ بن لادن کی گرفتاری کے لئے پاکستان میں فوجیں بھیجیں تو یہ کام ہماری اجازت کے ساتھ اور ہم سے مل کر نا ہوگا

وائٹ ہاؤس کی طرف سے ملنے والے ہر حکم کی تعمیل کی، ہر "ڈو مور" پر لبیک کہی۔ نظریاتی، آئینی، مالیاتی اور عسکری ہر معاملے میں عالمی شہ دماغوں کی ڈکٹیشن پر پورے شعور و ادراک کے ساتھ عمل کیا مگر ہم جن کے نان نیٹو اتحادی ہیں، جن کی جنگ میں فرنٹ لائن سٹیٹ کا مقام ملنے پر فخر کرتے ہیں، جن کی رضا اور خوشنودی کی خاطر اپنے ہی مسلمان بھائیوں کے ساتھ چوہے بلی کا کھیل کھیلتے رہے، آج وہ ہمارے وجود کے درپے ہیں۔ انہیں بساط عالم پر پاکستان نام کی ایک نظریاتی اور ایٹمی طاقت کا وجود گوارا نہیں۔ امریکہ کے ڈیموکریٹس صدارتی امیدواروں کے بیانات دیکھئے، ہیلری کلنٹن اور بارک اوباما برملا کہہ رہے ہیں کہ برسراقتدار آکر پاکستان کے قبائلی علاقوں میں پاکستان کی پیشگی اجازت کے بغیر حملے کر دیں گے۔ کہا جاسکتا ہے کہ یہ اِن لوگوں کے سیاسی نعرے ہیں، وہ پاکستان مخالفت کی قیمت پر صدارتی انتخابات میں عوامی حمایت حاصل کرنا چاہتے ہیں۔ اگر اِس بات کو مان بھی لیا جائے تو آپ وائٹ ہاؤس میں "ابلیس کی مجلس شوریٰ" میں ہونے والی اُس منصوبہ بندی کو کیا نام دیں گے، جو گزشتہ ہفتہ ایک اعلیٰ سطحی اجلاس میں کی گئی۔ نیویارک ٹائمز کی رپورٹ کے مطابق اِس اجلاس میں امریکی صدر بش، نائب صدر ڈک چینی، وزیر خارجہ کنڈولیزا رائس اور دوسرے اعلیٰ فوجی اور خفیہ اداروں کے حکام نے شرکت کی اور اس بات کا جائزہ لیا کہ پاکستان کے قبائلی علاقوں میں جارحانہ خفیہ آپریشن کے لئے سی آئی اے اور امریکی فوج کی اتھارٹی میں اضافہ کیا جائے۔ اخبار نے قابل اعتماد ذرائع سے یہ انکشاف بھی کیا کہ صدر بش نے اجلاس میں یہ امید ظاہر کی کہ صدر پرویز مشرف اور جنرل اشفاق کیانی اِس کی اجازت دے دیں گے، بصورت دیگر اجازت کے بغیر بھی ہم کارروائی کر سکتے ہیں۔ امریکی خفیہ ادارے سی آئی اے کے ڈائریکٹر مائیکل میکائل نے بھی بھی ہرزہ سرائی کی ہے۔ "فاکس نیوز" سے گفتگو کرتے ہوئے انہوں نے کہا کہ القاعدہ قیادت کی پاکستانی حدود میں موجودگی کی کسی بھی اطلاع پر امریکی فوج پاکستان کے اندر داخل ہو کر انہیں مارنے یا گرفتار کرنے سے گریز نہیں کرے گی۔

مبصرین کے مطابق امریکہ اب ہر قیمت پر اِس خطے میں سی آئی اے کی اتھارٹی میں اضافہ کرنا چاہتا ہے۔ جس کے بعد امریکی فوج پاکستان کے اندر زیادہ آزادی کے ساتھ جارحانہ انداز میں آپریشن کر سکے گی، جس کا بظاہر مقصد پاکستان اور افغانستان کے درمیان طالبان اور القاعدہ کی سپلائی لائن کو منقطع کرنا ہے۔ مگر حقیقت میں پاکستان کے ایٹمی اثاثوں کو اپنے کنٹرول میں لینا ہے۔ جنرل حمید گل کے بقول امریکی سی آئی اے کے سربراہ کی جانب سے القاعدہ اور بیت اللہ محسود پر بے نظیر کے قتل کا الزام بھی اِسی لئے لگایا گیا ہے، تاکہ القاعدہ کے بہانے پاکستان کے خلاف کارروائی کی جاسکے۔ درحقیقت یہ وہی شرانگیز منصوبہ ہے جس کی تجویز کچھ عرصہ پہلے امریکہ کے عسکری ماہر فریڈرک کیگان دے چکے ہیں۔ کیگان نے بش انتظامیہ پر زور دیا ہے کہ "پاکستان اس وقت شدید عدم استحکام سے دوچار ہے۔ لہٰذا ضرورت اِس امر کی ہے امریکی فوج اور برطانوی ایلیٹ فورس پر مشتمل دستے تیار کئے جائیں اور ایک منظم فوجی

آپریشن کے ذریعے پاکستان کے تمام ایٹمی اثاثوں کو اپنی تحویل میں لے کر انہیں نیو میکسکو میں بنائے گئے فوجی گوداموں کی نذر کر دیا جائے‘‘۔ برطانوی اخبار گارڈین کے مطابق امریکی محکمہ خارجہ کے ایک سابق عہدیدار نے نام نہ بتانے کی شرط پر بتایا کہ پاکستان کے تیزی سے بدلتے ہوئے حالات کے تناظر میں، بش انتظامیہ نے فریڈرک کیگان کے منصوبے کو بڑی اہمیت دے کر قبول بھی کر لیا ہے۔

نہ کوئی چہرہ شناسا، نہ کوئی راحت جاں
چلے کہاں کے لئے تھے، ہم آ گئے کہاں
وفا کی راہ میں ہر سمت خاک اڑتی ہے
نہ دور دور تک کہیں چھاؤں، نہ راستوں کے نشاں
وفا بھی سوختہ لب، اور جفا بھی سوختہ لب
نہ قہقہے ہیں فضا میں کہیں، نہ آہ و فغاں
فراعنہ ہیں، نہ شداد، نہ کنس کوئی
مگر انہی کی صدا سے، بھرے ہیں کون و مکاں

آثار بھی بتا رہے ہیں کہ افغانستان اور عراق کو اپنی ننگی جارحیت کو نشانہ بنانے والی عالمی طاقت اور اُس کے صلیبی اتحادی اب اپنی توپوں کا رُخ ارض پاک کی طرف موڑنا چاہتے ہیں۔ ایک عرصہ سے عالمی میڈیا، پر جس پر یہود کی گرفت ہے، ایٹمی پروگرام کے حوالے سے ہمارا میڈیا ٹرائل بھی ہو رہا ہے۔ پاکستان کو ایک ایسی ایٹمی طاقت کے طور پر پیش کیا جا رہا ہے جو اپنے ایٹمی اثاثوں کی نگرانی نہیں کر سکتی۔ وہ ایک غیر ذمہ دار ایٹمی طاقت ہے جو دنیا کے لئے خطرہ بن سکتی ہے۔ اُس کے ایٹمی ہتھیار اُن لوگوں کے ہاتھ آ سکتے ہیں جو استعماری طاقتوں کے مخالف ہیں۔ اِس پروپیگنڈا میں عالمی ایٹمی ایجنسی کے سربراہ محمد البرادعی کے بیان کے بعد اور اضافہ ہو گیا ہے جس میں انہوں نے کہا ہے کہ پاکستان کا ایٹمی اسلحہ انتہا پسندوں کے ہاتھ لگنے کا خطرہ ہے۔ اگر غور کیا جائے تو اِس پروپیگنڈے کا مقصد بھی یہی ہے کہ پاکستان کے خلاف دنیا بھر میں نفرت پیدا کی جائے، اور اُس کے خلاف کسی بھی ممکنہ کارروائی میں دنیا کی حمایت حاصل کی جائے۔ یہ سب کچھ دراصل اُسی قسم کی میڈیا وار کی ابتداء ہے، جیسی کہ افغانستان پر حملے سے پہلے طالبان حکومت کے خلاف شروع کی گئی یا پھر جیسے عراق پر حملے سے بہت پہلے عراق میں نیوکلیئر اور جراثیمی ہتھیاروں کی موجودگی اور اُس سے امن عالم کو شدید خطرے کا پروپیگنڈا کیا گیا۔

امریکہ کی طرف سے کسی بھی ممکنہ خفیہ آپریشن کی پلاننگ کے جواب میں صدر مشرف نے پہلی بار سخت لب ولہجہ اپنایا ہے۔ ایک غیر ملکی اخبار کو انٹرویو دیتے ہوئے انہوں نے واضح کیا کہ پاکستان کی رضامندی کے بغیر امریکی یا اتحادی فوجوں کا ہمارے قبائلی علاقوں میں داخلہ ہماری خودمختاری پر حملہ تصور ہوگا، جس کی سخت مزاحمت کی جائے گی۔ اگر صدر محترم کا یہ بیان سفارت کاری کا حصہ یا عوام میں گرتی ہوئی ساکھ کی بحالی کی کوشش نہیں، بلکہ فی الواقع اعلیٰ حکومتی سطح پر سوچ وفکر کی تبدیلی کا مظہر ہے، تو یہ نہایت خوش آئند بات ہے۔ لیکن تشویشناک امر یہ ہے کہ صدر نے قبائلی علاقوں میں مشترکہ کارروائی کے امکان کو رد نہیں کیا۔ انہوں نے کہا اگر امریکہ نے اسامہ بن لادن کی گرفتاری کے لئے پاکستان میں فوجیں بھیجیں تو یہ کام ہماری اجازت کے ساتھ اور ہم سے مل کر نا ہوگا۔ حالانکہ مشترکہ آپریشن یکطرفہ کارروائی سے مختلف چیز نہیں۔ امریکہ کو مشترکہ آپریشن کی پیشکش کرنے کی بجائے صوبہ سندھ وبلوچستان اور مغربی سرحد پر ’’را‘‘ کی سرگرمیوں کو کنٹرول کرنے کی منصوبہ بندی ہماری ضرورت ہے۔ قبائلی علاقوں میں آپریشن سے ہمارے بھائی پہلے ہی بہت ناراض ہیں۔ اگر اِس قسم کا کوئی آپریشن کیا گیا تو اُس کے سنگین نتائج برآمد ہو سکتے ہیں جن کے ہم متحمل نہیں ہو سکتے۔ خاص طور پر ایسے حالات میں جبکہ بلوچستان اور سندھ میں مرکز گریز قوتیں اُبھر رہی ہیں اور پاکستان نہ کھپے کے نعرے لگ رہے ہیں۔

ہماری قیادت پر واضح ہو جانا چاہیے کہ ملک جن مخدوش حالات سے دوچار ہے، اِن میں ہمارے پاس آپشن بہت کم رہ گئے ہیں۔ حالات کا تقاضا ہے کہ سنجیدہ اقدامات اور جرأتمندانہ فیصلے کئے جائیں۔ سب سے پہلی بات یہ ہے کہ نام نہاد روشن خیالی اور اعتدال پسندی کے نام پر ملک کے اندر سیکولرازم کی ترویج کا سلسلہ بند کیا جائے جس سے قوم میں شدید بے چینی پائی جاتی ہے۔ پاکستان اسلام کے نام پر حاصل کیا گیا تھا۔ اسلامی نظریے کی پورے شعور کے ساتھ نہ صرف انفرادی بلکہ اجتماعی سطح پر بھی تعمیل کی جائے۔ اِسی سے پاکستان مضبوط ہوگا، اور قوم کے اندر پائی جانے والی بے چینی اور انتشار کا خاتمہ ہو سکے گا۔ اِسی کا تقاضا یہ بھی ہے کہ ’’اعتدال پسند‘‘ اور ’’انتہا پسند‘‘ کے نام سے قوم کو تقسیم کرنے کی جو کوششیں ہو رہی ہیں، انہیں ترک کیا جائے۔ یہ تقسیم مغرب کی پیدا کردہ ہے، جس کا مقصد مسلمانوں کو کمزور کرنا ہے۔ سیاسی بے چینی کے خاتمے کے لئے صدر مشرف کے سامنے واحد آپشن یہ ہے کہ وہ آزاد اور غیر جانبدارانہ انتخابات کرائیں، فی الفور عدلیہ کو 3 نومبر والی پوزیشن پر بحال کریں اور داخلی انتشار جہاں کہیں بھی ہے، اُس کے خاتمے کے لئے طاقت کے استعمال کی بجائے ڈائیلاگ کا راستہ اختیار کریں۔ خارجی میدان میں ضروری ہے کہ نام نہاد دہشت گردی کے خلاف امریکہ کی صلیبی جنگ سے کنارہ کشی اختیار کی جائے۔ ہم نے نائن الیون کے بعد افغان پالیسی سے جو یوٹرن لیا، اُس نے ملک کی کشتی کو بھنور میں دھکیل دیا، اب ملک کی بقا و سلامتی کا تقاضا ہے کہ امریکہ سے تعاون کی پالیسی سے یوٹرن لیا جائے۔ اُسے صاف بتا دیا جائے کہ اپنی سلامتی کا تحفظ ہماری اولین ترجیح ہے۔ اب ہم مزید کچھ نہیں کر سکتے۔ افغانستان پر جو جنگ تم نے مسلط کی، وہ دہشت گردی کے خلاف نہیں، اسلامی تہذیب اور نظریے کے خلاف ہے۔ یہ تمہارے استعماری مفادات کی جنگ ہے جس میں ہم مزید تمہارا ساتھ نہیں دے سکتے۔ اِس وقت ہماری قیادت کو حقیر ذاتی اور گروہی مفادات سے بالاتر ہو کر سوچنے کی ضرورت ہے۔ ہم ایک تنی ہوئی رسی پر چل رہے ہیں۔ ہمارے پاس مزید غلطیوں کی گنجائش اب نہیں رہی۔ اگر اربابِ اقتدار نے اب بھی اپنی پالیسیوں میں بنیادی نوعیت کی تبدیلی نہ کی اور سابق ڈگر پر چلتے رہے تو خاکم بدہن، وہ اُونٹ جسے ہم نے خود اپنے خیمے میں سر داخل کرنے کی اجازت دی، کہیں خیمے میں گھس نہ جائے۔

حادثہ لمحوں کا ہو جاتا ہے صدیوں پر محیط
ایک لغزش کئی نسلوں کو سزا دیتی ہے

## ضرورت رشتہ

☆ جڑانوالہ (فیصل آباد) کے ملتزم رفیق تنظیم، عمر 29 سال، تعلیم میٹرک، ملازمت پیشہ، کے لئے دینی مزاج کی حامل لڑکی کا رشتہ درکار ہے۔

برائے رابطہ: 0322-7943132

## دعائے مغفرت کی اپیل

☆ تنظیم اسلامی حلقہ خواتین فیصل آباد کی رفیقہ زہرہ بیگم وفات پا گئیں

☆ ہارون آباد کے رفیق تنظیم محمد اکرم شاد کی والدہ کا انتقال ہو گیا

☆ بہاولپور کے رفیق تنظیم سراج احمد کی اہلیہ وفات پا گئیں

اللہ تعالیٰ مرحومات کی مغفرت فرمائے اور پسماندگان کو صبر جمیل عطا فرمائے۔ رفقاء تنظیم اسلامی اور احباب سے دُعائے مغفرت کی درخواست ہے۔

# اسامہ کی تلاش

## امریکی جریدے نیوز ویک کی ایک رپورٹ، جو القاعدہ اور اسامہ بن لادن کے تعلق سے مغربی نقطۂ نظر پیش کرتی ہے

(آخری قسط)

انتخاب و ترجمہ: سید افتخار احمد

صدر پاکستان پرویز مشرف اپنے امریکی اتحادیوں سے دہشت گردی کی جنگ میں بددل ہو چکے ہیں۔ 2002ء میں انہوں نے ایک اعلیٰ برطانوی افسر کو بتایا کہ "میری بڑی پریشانی یہ ہے کہ ایک دن امریکی مجھے چھوڑ دیں گے، کیونکہ وہ ہمیشہ اپنے دوستوں کو چھوڑ دیتے ہیں۔" اس افسر کے مطابق مشرف نے کہا: "امریکہ نے 1970ء کی دہائی میں ویت نام کو چھوڑا۔ لبنان کو 1980ء کی دہائی اور صومالیہ کو 1990ء کی دہائی میں چھوڑا۔ پھر بھی میں نے امریکہ کو پاکستانی بارڈر کے اندر 5 یا زیادہ کلومیٹر تک ضرورت کے تحت آپریشن کی اجازت دے دی۔" مشرف نے امریکیوں کو بتایا: "مجھے معلوم ہے جو کچھ تم کرنا چاہو گے، کرو گے اور یہ کہ اس پر پاکستانی تنقید کریں گے۔" ایک امریکی افسر کے مطابق مشرف نے صرف ایک درخواست کی کہ بن لادن کو زندہ گرفتار نہ کیا جائے، اور اس پر پاکستان میں مقدمہ نہ چلایا جائے۔

امریکہ کو مشرف کے تعاون سے بڑی بڑی کامیابیاں حاصل ہوئیں۔ پاکستانی پولیس کی مدد سے CIA اور FBI نے خالد شیخ محمد کو جو القاعدہ کا آپریشنل چیف تھا اور جس نے 9/11 حملوں کا منصوبہ بنایا تھا، یکم مارچ 2003ء کو کوئٹہ میں ایک گھر سے گرفتار کیا۔ محمد نعیم نور خاں کو جو القاعدہ کا مواصلاتی ماہر تھا 2004ء میں کراچی سے گرفتار کیا۔ لیکن امریکیوں کی انتہائی مایوسی کی وجہ سے پاکستانی حکومت نے اسے بغیر کسی جرم کا الزام لگائے رہا کر دیا۔ ابوفراج اللبی کو مئی 2005ء میں گرفتار کیا گیا جو خالد کی جگہ چیف آف آپریشنز تھا۔

القاعدہ کے دو دفعہ مشرف کو قتل کرنے کی کوشش سے 2003ء میں پاکستانی لیڈر نے خود مجاہدین کے ٹھکانہ پر حملہ کا فیصلہ کیا۔ جنرلوں نے بڑی پھوں پھاں کی کہ انہوں نے بن لادن کو گھیرے میں لے لیا ہے۔ پاکستانی ٹینک اور گن شپ ہیلی کاپٹر شمال مغربی علاقہ میں گرجتے اور دندناتے لگے، مگر اکا دکا جھڑپوں کے علاوہ وہاں کچھ نہ ہوا۔

فرنٹیئر کانسٹیبلری اور ملیشیا کی وفاداری بھی سوالیہ نشان ہے۔ ایک یورپی فوجی افسر نے جو پاک افغان بارڈر پر تھا، بتایا کہ "FC اہلکار عموماً پاکستان سے افغانستان میں داخل ہونے والے مجاہدین کے بارے میں امریکیوں کو نہیں بتاتے تھے۔ بلکہ مئی 2006ء میں ایک FC سپاہی نے ایک امریکی افسر کو پاکستان میں گولی مار کر ہلاک کر دیا۔" مشرف نے اگرچہ ISI کو طالبان اور القاعدہ سے ہمدردی رکھنے والوں سے صاف کر دیا لیکن یورپی افسر کہتے ہیں کہ پرانے ہمدرد غیر سرکاری طور پر ان کی تائید کرتے ہیں۔

2005ء کے آخر میں CIA اور پینٹاگون کا متحدہ آپریشن کمانڈ عمل میں آیا جس کے مطابق انہیں "80 فیصد یقین" تھا کہ بن لادن کا قدیم معتمد ظواہری یا دیگر معتمد اس وقت پاکستان کے کسی گھر کے صحن میں میٹنگ میں مصروف ہوں گے۔ یہ "بہترین انٹیلی جنس کی تصویر تھی جو ہم نے دیکھی"۔ جاسوسوں اور سپیشل آپریشن فورس نے ہوائی کمانڈوز کے حملہ کا منصوبہ بنایا جس کا خالق جیری بروک ہیمر تھا۔ تقریباً 30 امریکی نیوی سیلز

> پرویز مشرف نے برطانوی افسر کو بتایا: "میری بڑی پریشانی یہ ہے ایک دن امریکی مجھے چھوڑ دیں گے، کیونکہ وہ ہمیشہ اپنے دوستوں کو چھوڑ دیتے ہیں"

C-130 کے ذریعہ رات کے اندھیرے میں پاکستانی بارڈر کے افغانستان کی طرف، نشانہ سے 40,30 کلومیٹر دور ان کو جمپ کرا دے۔ پھر وہ پیرا شیلز اور موٹر ونگ گلائیڈرز کے ذریعہ رات کے اندھیرے میں پہاڑوں کے اوپر سے گزرتے ہوئے مطلوبہ کمپاؤنڈ کے قریب محفوظ جگہ اتر جائیں۔ اس طرح وہ اس گھر کے صحن پر حملہ کر کے ظواہری یا جو بھی وہاں موجود ہوں، کو گرفتار کر لیں، اور ضرورت پڑے تو ہلاک کر دیں۔ پھر وہ ان کو قریب ہی دوسری جگہ لے جائیں جہاں دو CH-53 ہیلی کاپٹر ان کو واپس افغانستان لے جانے کے لئے انتظار کر رہے ہوں گے۔

یہ منصوبہ گرم جوشی سے CIA ڈائریکٹر پورٹر گوس اور JSOC کمانڈر سٹینلے میک کرسٹل نے منظور کر لیا۔ لیکن جب پینٹاگون کی سویلین لیڈر شپ نے، جس میں رمز فیلڈ اور اس کا سیکریٹری سٹیو کیمبون بھی تھا غور و فکر کرنا شروع کیا تو انہوں نے سوالات کرنے شروع کر دیئے۔ کیا یہ منصوبہ اس قابل ہے کہ امریکی فوجیوں کی زندگی داؤ پر لگائی جا سکے؟ اور اگر یہ ناکام ہو گیا تو مشرف کی کیا درگت بنے گی؟ کیا تمہیں اس پر 100 فیصد یقین ہے؟ رمز فیلڈ نے بتایا کہ اس طرح کا ایک منصوبہ پہلے نامنظور ہو چکا ہے۔ دراصل ان کے ذہن میں 1980ء میں ناکام ہونے والا ایرانی منصوبہ گھوم گیا۔ اور دوسرا ناکام منصوبہ 1993ء میں کمانڈوز کو بچانے کا موگا دیشو میں بلیک ہاک ڈاؤن تھا۔ JSOC نے تجویز دی کہ 150 فوجیوں کو نزدیک ہی کہیں موجود ہونا چاہیے، تاکہ سیلز کی سیکیورٹی کا بندوبست ہو سکے۔

رمز فیلڈ نے جتنا زیادہ غور کیا اس کے مطابق یہ کام پاکستان کو کرنا ہو گا۔ تو کیا مشرف سے مشورہ کیا جائے؟ لیکن مسئلہ یہ ہے کیا پاکستانی ISI جو پہلے ہی ناقابلِ اعتماد ہے القاعدہ کو اس منصوبہ کا بتا نہیں دے گی؟ ایک افسر نے بتایا کہ رمز فیلڈ اس منصوبہ سے دل برداشتہ ہو گیا۔ لیکن وقت نے دیکھا کہ C-130 بارڈر پر چکر لگا رہے تھے۔ سیلز جمپ کرنے کے لئے تیار تھے۔ جبکہ رمز فیلڈ ابھی جرنیلوں کے ساتھ تبادلہ خیالات میں مشغول تھا۔ CIA ڈائریکٹر گوس پینٹاگون گیا اور انہیں منصوبہ پر عمل کرنے کا عندیہ دیا۔ رمز فیلڈ نے آخر میں کہا کہ "یقین کریں اگر یہ منصوبہ آسان ہوتا یا اس کی کامیابی پر یقین ہوتا تو ہم ضرور اس پر عمل پیرا ہوتے۔ لیکن ہمیں اس کی کامیابی کا کوئی یقین نہیں۔"

2006ء تک مشرف دل برداشتہ ہو چکا تھا۔ امریکہ کا افغانستان پر دھیان کم ہو رہا تھا۔ ان علاقوں میں جنگ جانوں اور جذبات سے زیادہ مہنگی پڑ رہی تھی۔ مجاہدین شہروں میں بھی آنے جانے لگے تھے۔ پاکستانی صدر نے اپنے نقصانات کم کرنے کے لئے ستمبر 2006ء میں قبائلی سرداروں سے ایک معاہدہ کر لیا۔ اب القاعدہ نے بھی دعوے کرنے شروع کر دیئے۔ مجاہدین نے وزیرستان میں کھلے عام پریڈ کی اور غداروں کو گلیوں میں گھسیٹا۔ امریکی سیاروں نے ایک لائن میں چلتے ہوئے مجاہدین کی تصویریں کھینچیں جن میں ان کے پاؤں پلاسٹک بیگ میں لپٹے ہوئے تھے تاکہ برف کا اثر نہ ہو اور وہ پاکستان سے افغانستان میں داخل ہو رہے تھے۔ ایک الجزائری جس کا نام "بم بنانے والا" مشہور تھا مجاہدین کو IEDs بنانا سکھاتا تھا۔ لوکل مجاہدین قتل اور ڈرا دھمکا کر وہاں حکومت کرنے لگے۔ ایک تاجر کو جس نے مقامی سرکاری کانسٹیبلری کو تربوز سپلائی کئے، قتل کر دیا۔ "اندازہ لگائیں جو شخص اسامہ کو فروخت کرے گا اس کا کیا حشر ہو گا۔"

2006ء کے آخر اور 2007ء کے شروع میں امریکی پالیسی ساز جن میں نائب صدر ڈک چینی اور ڈیفنس سیکریٹری رابرٹ گیٹس بھی تھے، پاکستان آئے تاکہ مشرف کو بارڈر پر دوبارہ آپریشنز کے لئے مجبور کریں۔ صدر مشرف سے کہا گیا کہ تمہارے معاہدہ امن نے پاکستان کو بھی اور ہمیں بھی

## ترکی میں

# آزادیٔ نسواں کی تحریک

سید قاسم محمود

اُسی دور میں ضیاء گوک الپ جیسے ادیب اور دانشور بھی منصۂ شہود پر آئے، جنھوں نے ترک قومیت کا راگ الاپا اور ترک معاشرے کو سیکولر قومیت کی بنیاد پر اُستوار کرنے کی تحریک کی۔ (ضیاء گوک الپ اور اس کے ہم عصر دانشوروں کے حالات و نظریات پر آئندہ قسطوں میں مناسب موقع پر ذکر آئے گا)۔ اُس کے خیالات نے بلاشبہ 25 اکتوبر 1917ء کے عائلی قانون پر اپنے اثرات مرتب کیے۔ ضیاء سیکولرازم اور لادینی جمہوریت کا علم بردار ہونے کی وجہ سے حقوقِ نسواں بلکہ مکمل آزادیٔ نسواں کا بھی وکیل تھا۔ اُس نے نکاح، طلاق اور وراثت وغیرہ کے معاملات میں، جن کا مذہب سے گہرا تعلق ہے، خواتین کے لیے مساوی حقوق کا نعرہ لگایا، جس سے ترکی میں مغرب نواز نسوانی تحریکوں کو مزید تقویت ملی۔

ضیاء گوک الپ ترک قومیت اور اسلام کے درمیان تصادم کو ناگزیر نہیں سمجھتا تھا۔ وہ مغربی تہذیب کو اختیار کرنے کی وجہ یہ بیان کرتا ہے کہ موجودہ مغربی تہذیب دراصل اس قدیم تہذیب کے تسلسل کی ایک شکل ہے جس کی نشوونما اور تحفظ میں ترکوں کا خاصا حصہ رہا ہے، اور یہ کہ معاشرے مذہب و ثقافت کے اختلاف کے باوجود ایک مشترک تہذیب اختیار کر سکتے ہیں۔ جاپانی اور یہودی، مذہب اور ثقافت میں اختلاف کے باوجود مغربی تہذیب اختیار کیے ہوئے ہیں۔ اس ضمن میں اس نے روس کی مثال بھی دی، جس نے قدامت پسند کٹر مسیحی کلیسا کی پیروی اور مشرقی تہذیب سے تعلق رکھنے کے باوجود ترقی یافتہ جدید مغربی تہذیب کو اختیار کیا اور مغرب کی آزاد اور طاقتور قوموں کی صف میں کھڑا ہو گیا۔ وہ کھل کر مغربی تہذیب کی وکالت کرتے ہوئے لکھتا ہے:

> ”ہمیں دو میں سے ایک راستہ اختیار کرنا پڑے گا، یا تو ہم مغربی تہذیب کو قبول کریں یا مغربی طاقتوں کا غلام رہنا پسند کریں۔ ہمیں ایک طرف کا ہو کر رہنا پڑے گا۔ ہمارے لیے لازم ہے کہ ہم اپنی حریت اور آزادی کی حفاظت کے لیے مغربی تہذیب پر اپنا اقتدار قائم کریں۔“

ضیاء گوک الپ کے نزدیک جدید ترکی قوم کی تشکیل مشرقی تہذیب کے دائرے سے مغربی تہذیب کے حلقۂ اثر میں منتقل ہو کر عمل میں آئی ہے۔ اس تبدیلی میں اسلام کے وہ عناصر جو ترکی ثقافت کے جزو لاینفک بن چکے ہیں، ایک زندہ روحانی طاقت کی حیثیت سے باقی رہیں گے۔ ترک قوم صرف اسی حد تک مغربی رنگ اختیار کرے گی، جہاں تک کہ وہ جدیدیت کو اپنے مذہب اور تمدن سے ہم آہنگ کرنے میں کامیاب ہو سکے گی۔

خلافتِ عثمانیہ کے زوال کے بعد مغرب پسند نسوانی تحریکوں کو تیزی سے فروغ ملا۔ 19 مارچ 1918ء کو وزیرِ معارف علی کمال نے استنبول میں فیکلٹی آف فلاسفی میں خواتین کے لیے نئے نصاب کا افتتاح کیا۔ 1921ء میں طالبات کے لیے جداگانہ کلاس روم مخصوص کیے گئے جہاں لیکچر کے دوران وہ اپنے نقاب ہٹا سکتی تھیں۔ 1922ء میں ترکی کی پہلی خاتون ڈاکٹر صفیہ علی نے استنبول میں اپنا پرائیویٹ کلینک قائم کیا۔

> **سوئٹزر لینڈ سے اُس کا ضابطۂ دیوانی مستعار لینے کے بعد انجمن اتحاد و ترقی نے ترکی کا عائلی اور خاندانی نظام اُس کی بنیادوں تک منہدم کر دیا۔ طلاق، نکاح اور وراثت کے معاملات میں علانیہ شریعت کی خلاف ورزی کی گئی**

اِن حالات و واقعات کے ساتھ ترکی کی تاریخ میں یہ سانحہ بھی رونما ہوا کہ 15 مئی 1919ء کو مغربی طاقتوں کی شہ پر ازمیر میں یونانی فوجی گھس آئے۔ برطانوی سپاہیوں نے استنبول پر قبضہ کر لیا اور جنوبی اناطولیہ میں فرانسیسی اور اطالوی فوجی دستوں نے فوجی کارروائی شروع کر دی۔ اس کے خلاف پوری ترک قوم اُٹھ کھڑی ہوئی۔ نوجوانوں اور طلبہ نے عوام کے ساتھ مل کر زبردست احتجاجی مظاہرے کیے اور تشدد اور قتل و خون کا بازار گرم ہو گیا۔

خواتین کے اندر بھی غیظ و غضب اور بیرونی حملہ آوروں کے خلاف دفاعی جذبات کا پیدا ہونا فطری امر تھا۔ احتجاجی جلسوں، عوامی مظاہروں اور جلوسوں میں نہ صرف یہ کہ خواتین نے شرکت کی، اور خالدہ ادیب خانم، نقیبہ ایلکون اور منور سمیع وغیرہ نے جلسوں جلوسوں سے خطاب بھی کیا، بلکہ بہت سی جری اور بہادر خواتین نے اناطولیہ میں مصطفیٰ کمال پاشا کی تشکیل کردہ فوج میں باضابطہ شمولیت بھی اختیار کی تاکہ آزادی کی جنگ میں شرکت کر سکیں۔

ترکی کی جنگ آزادی میں نہ صرف یہ کہ خواتین نے خود شرکت کی، بلکہ اُس دور کی سیاست پر بھی وہ اثرانداز ہوئیں۔ 9 ستمبر 1919ء کو اناطولیہ کی خواتین نے ”تنظیم خواتین برائے دفاع“ کی تشکیل و تاسیس کا اعلان کیا۔ پھر اس کی ایک شاخ سیواس میں قائم ہوئی۔ پھر اس کی شاخیں دوسرے شہروں میں قائم ہو گئیں۔ 1920ء میں صرف قصبہ نیگدہ شاخ کی اراکین کی تعداد ایک ہزار 90 تھی، جن کی اکثریت شہری ملازمین، اساتذہ اور مقامی تاجروں کی بیٹیوں اور بیویوں پر مشتمل تھی۔ اِن تنظیموں کا مقصد مغربی ممالک کے عوام پر ملکی دفاع و تحفظ کے لیے وحدت و سالمیت اور مسلسل جدوجہد کے عزم کا اظہار کرنا تھا۔

خلافت عثمانیہ کے اِن آخری ایام میں آزادیٔ نسواں کی تحریکوں کو فروغ کا زیادہ موقع ملا۔ ترک نوجوانوں نے سلطنت عثمانیہ اور اُس کی ہر یادگار کے خلاف داخلی اور خارجی محاذوں پر جنگ لڑی اور خواتین کو گھروں سے نکال کر کارگہ حیات میں کھڑا کرنے پر ساری توجہ اور سارے وسائل صرف کر دیے، مگر انھیں اِس میدان میں زیادہ کامیابی حاصل نہ ہو سکی۔ مغرب کو یہی شکایت رہی، بلکہ اب تک ہے کہ ترک خواتین رجعت پسند ہیں اور مذہب کا قلادہ اپنی گردنوں سے نکالنے کے لیے تیار نہیں ہیں۔

برطانیہ کے ایک اخبار میں ایک دانشور کا مضمون چھپا، اُس کا ایک اقتباس ملاحظہ ہو:

> ”حقوق نسواں کی جدوجہد، ترک خواتین کے رویوں کو تبدیل کرنے میں خاطر خواہ کامیابی حاصل نہ کر سکی۔ مثال کے طور پر خواتین کے ایک جریدے ”محاسن“ میں تحریکِ نسواں پر ایک مقالے میں مصنف نے عجیب و غریب انداز میں بحث چھیڑی کہ خواتین، جوڈارون کے نظریۂ ارتقا کو سمجھنے اور اُس کا تجزیہ کرنے کی اہلیت رکھتی تھیں، اُن کے خلاف تحریک چلائی گئی۔ اسی طرح 1911ء میں عثمانی پارلیمنٹ کے ایک اجلاس میں ایک رُکن نے کہا کہ مرد اور عورتوں پر بدکاری کی غیر مساوی

سزا کی وجہ یہ ہے کہ قانون سازوں کے ذہن پر یہ نظریہ پوری طرح حاوی ہے کہ مرد عورتوں پر بالادست ہیں۔

اسی طرح 1921ء کے پارلیمنٹ کے ایک اجلاس میں، جبکہ آتشک کی بیماری پر قابو پانے کے لیے ایک ملک گیر مہم کے منصوبے پر دھواں دھار بحث جاری تھی اور پارلیمنٹ کے ارکان لفظوں کی جنگ میں مصروف تھے، ایک تجویز یہ بھی سامنے آئی کہ غیر شادی شدہ خواتین کا بھی طبی معائنہ ہونا چاہیے۔ 1921ء ہی میں وزیر تعلیم حمد اللہ صوفی کو مستعفی ہونا پڑا، کیونکہ اُس نے مردوں اور عورتوں کے ایک مخلوط اجلاس میں تقریر کی تھی۔ یہ بھی ترکوں کی رجعت پسندی کا ایک ثبوت ہے۔ اس سے بڑا ثبوت اور کیا ہوگا کہ کمال ازم کے ایک ممتاز مبلغ نے خود بھی برسر اجلاس اعتراف کیا ہے کہ ترک خواتین کو صرف نام کی آزادی دی گئی ہے، ورنہ وہ اپنی ذہنی، علمی اور فکری صلاحیتوں کے اعتبار سے آج بھی غلام ہیں۔“

## ترک جمہوریہ اور خواتین

مصطفیٰ کمال پاشا اور انجمن اتحاد و ترقی سے تعلق رکھنے والے اُس کے ہم نواؤں نے 1924ء میں خلافت عثمانیہ کا خاتمہ کر دیا۔ شیخ الاسلام کا عہدہ اور وزارتِ مذہبی اُمور کو منسوخ کر دیا۔ دینی تعلیمی پر خطِ تنسیخ پھیر کر اور پورے ملک میں سیکولر تعلیمی وحدت کی تنفیذ، شرعی عدالتوں کی موقوفی، مساجد و مقابر اور زاویوں پر پابندی کا اعلان کر کے مذہب کے خلاف جدوجہد میں کامیابی حاصل کر لی۔ 1926ء میں اسلام کے عائلی قوانین کی جگہ سوئٹزرلینڈ کے ضابطۂ دیوانی کے نفاذ کے احکامات جاری کیے اور 1925ء میں خواتین اسلام کے خلاف یہ سرکاری بیان دے کر طبلِ جنگ بجا دیا:

”خواتین کو کھلی آنکھوں سے دنیا دیکھنے دو اور دنیا کو اُن کے چہرے دیکھنے کا موقع دو“

خواتینِ اسلام اور اُن کے مثبت، بااخلاق اور تعمیری کردار کے خلاف یہ جدوجہد صرف ترکی ہی میں جاری نہ تھی، بلکہ مغرب کے دانشوروں اور اخبارات نے اُس زمانے میں پورے وسط ایشیا میں، روس کی مسلمان خواتین کو، مشرق وسطیٰ اور ہندوستان میں اسلامی شعائر سے متنفر کرنے میں زبردست کردار ادا کیا اور ترغیب و تحریص کے تمام وسائل اختیار کیے گئے۔ پردے اور شریعت کے خلاف یہ جنگ زیادہ شدت اور تشدد کے ساتھ ترکی ہی نہیں، بلکہ دوسرے مسلم ملکوں میں بھی تیزی سے پھیل رہی تھی۔

سوئٹزرلینڈ سے اُس کا ضابطۂ دیوانی مستعار لینے کے بعد انجمن اتحاد و ترقی نے ترکی کا عائلی اور خاندانی نظام اُس کی بنیادوں تک منہدم کر دیا۔ طلاق، نکاح اور وراثت کے معاملات میں علانیہ شریعت کی خلاف ورزی کی گئی اور عورت کو تمام امور میں مساوی حقوق کا مستحق ٹھہرایا گیا۔ اس کے باوجود عورت کو ووٹ دینے کا حق نہ تھا، اگر تھا تو صرف محدود عورتوں کو، یہ حق 1934ء میں دیا گیا۔

زمانۂ حال میں، 1980ء کے بعد سے ترکی سیاست اور معاشرت میں حیرت انگیز تبدیلی آئی ہے۔ اسلام پسندوں کا دباؤ ترکی معاشرے پر بڑھا ہے اور تعلیم و ثقافت، خدمتِ خلق اور پارلیمانی سیاست کے میدانوں میں اسلام فعال اور متحرک ہُوا ہے۔ اگرچہ مغرب نواز اور سیکولر عناصر کی سرگرمیاں بھی جاری ہیں اور مغربی تحریکوں کے عوامی سطح پر مطالبات اور حقوق کے جلسے اور مذاکرے ہوئے ہیں۔ چنانچہ 8 دسمبر 1975ء کو 27 خواتین تنظیموں کی ایک مشترکہ کانگرس انقرہ میں منعقد ہوئی، جس میں مندرجہ ذیل مطالبات ایک قرارداد کی صورت میں پیش کیے گئے:

1۔ خاندان کے سربراہ کو شوہر کی ذات میں محصور نہ کیا جائے۔
2۔ بیوی کو شوہر کے خاندانی نام کا لاحقہ لگانے پر مجبور نہ کیا جائے۔
3۔ بیوی کو کسی ملازمت سے یا کوئی پیشہ اختیار کرنے سے منع کرنے کا حق شوہر سے چھین لیا جائے۔
4۔ جہیز کے مکمل خاتمے کے لیے تمام قانونی، انتظامی اور تعلیمی ذرائع اختیار کیے جائیں۔
5۔ شادی کی عدالت میں رجسٹریشن کرانے کے بعد اُس پر کسی مذہبی تقریب (ولیمہ وغیرہ) کی ممانعت کی جائے۔
6۔ مسلح افواج میں خواتین کی شرکت کی اجازت دی جائے۔

✿✿✿✿✿


### کاروباری اور ملازمت پیشہ افراد کے لیے

### بنیادی دینی علوم سے آگاہی کا موقع

مرکزی انجمن خدام القرآن کے شعبۂ تدریس کے زیر اہتمام

## تفہیمِ دین کورس

## موڈیول II

28 جنوری 2008ء سے آغاز ہو رہا ہے (ان شاءاللہ)

**مضامین:** ☆ ترجمۃ القرآن مجید (عربی قواعد کی روشنی میں) ☆ تجوید القرآن

☆ ایڈوانس عربی گرامر ☆ دینی موضوعات پر لیکچرز

☆ **دورانیہ:** 3 ماہ

☆ **اوقات تدریس:** مغرب تا عشاء،

(پیر تا جمعہ کلاسز ہوں گی)

**اہلیت**

موڈیول I ......یا...... عربی گرامر کا کوئی ابتدائی کورس

داخلے کے خواہش مند حضرات

**قرآن اکیڈمی**

36۔ کے ماڈل ٹاؤن لاہور

کے استقبالیہ سے داخلہ فارم حاصل کر کے وہیں جمع کرا دیں

فون: 3-5869501 ای میل: lrts@tanzeem.org

بڑھتی ہوئی عسکریت پسندی اور شورش

# مسئلہ کا حل فوجی کارروائی نہیں، نفاذ اسلام ہے

## صدر پرویز مشرف قوم اور اسلام کے خلاف اقدامات کر رہے ہیں

مفتی حبیب اللہ حقانی دارالعلوم اسلامیہ لکی مروت میں مفتی اور استاد الحدیث کی حیثیت سے خدمات انجام دے رہے ہیں۔ وہ جے یو آئی (س) ضلع لکی مروت کے امیر بھی ہیں۔ اُن کے والد مولانا مفتی حمید اللہ جان جامعہ اشرفیہ لاہور کے صدر مفتی ہیں۔ اُن کا خاندان گزشتہ ڈیڑھ سو سال سے علاقے میں دینی تعلیمات کے فروغ میں مصروف ہے۔ صوبہ سرحد کے جنوبی اضلاع کے ساتھ قبائلی علاقہ جات میں کشیدہ صورتحال کے تناظر میں اُن کا ایک انٹرویو روزنامہ جنگ کی اشاعت 18 جنوری میں شائع ہوا، تاکہ اِس حساس علاقے میں ہونے والے واقعات کے اسباب و محرکات کا جائزہ لیا جاسکے۔ یہ انٹرویو خصوصی اہمیت کا حامل ہے، بنابریں کالم آف دی ویک کی جگہ شائع کیا جارہا ہے۔ (ادارہ)

**جنگ:** قبائلی علاقوں میں مسلسل بم دھماکوں اور خودکش حملوں کے اسباب اور محرکات آپ کے نزدیک کیا ہیں؟

**مفتی حبیب حقانی:** میرے خیال میں قبائلی علاقوں کی موجودہ صورت حال کا سبب افغانستان کے حوالے سے حکومت کی پالیسیاں ہیں، ان میں طالبان حکومت کا خاتمہ اور ان غیر ملکی مجاہدین کے خلاف پالیسیاں ہیں جن کے مجاہدانہ کردار کی وجہ سے روس کو شکست فاش ہوئی۔ واضح رہے کہ روس کے خلاف ان مجاہدین کے جذبۂ جہاد سے فائدہ اٹھانے کے لئے خود حکومت انہیں یہاں لائی تھی۔ جب طالبان کی حکومت ختم ہوئی تو ان لوگوں نے خاموشی سے جنوبی اور شمالی وزیرستان ایجنسیوں میں امن و پناہ حاصل کرلی۔ تین سال تک یہ لوگ آرام اور خاموشی سے بیٹھے رہے۔ لیکن چونکہ امریکا اور ان کے اتحادیوں کو اسلام اور مسلمانوں سے چڑ ہے اور وہ دنیا کے کسی بھی گوشے میں مسلمانوں کو چین اور سکون و عزت سے زندگی گزارنے کے حق سے انہیں محروم کرتے آرہے ہیں، دوسرے حکومت خصوصاً صدر جنرل پرویز مشرف جو ہمیشہ امریکی خوشنودی کے حصول اور اقتدار کے لالچ میں مگن رہتے ہیں انہوں نے ان کے ساتھ ناجائز چھیڑ چھاڑ کرکے یہ حالات پیدا کئے ہیں۔

**جنگ:** کیا کوئی منظم گروپ یا تحریک اس کی قیادت کررہے ہیں؟

**مفتی حبیب حقانی:** میرے خیال میں اس کے پیچھے کوئی منظم تحریک یا گروپ ہے اور نہ ہی کوئی لیڈر اس کی قیادت کررہا ہے بلکہ یہ حکومتی کارروائیوں کا ایک ردعمل ہے۔ چھوٹے گروپ ہیں جو زیادہ تر مقامی لوگوں پر مشتمل ہیں اور چونکہ حکومت نے قبائل کی وہ آزادی سلب کی ہے جو انگریز کے زمانے سے چلی آرہی تھی اور جن کی توثیق خود قائداعظم نے بھی کی تھی اس لئے مقامی لوگ مزاحمت کررہے ہیں۔ حکومتی ایجنسیاں مقامی قبائل کی آزادی سلب کرنے کے لئے مختلف قسم کے ہتھکنڈے استعمال کررہی ہیں۔ کبھی علماء، کبھی مدارس، کبھی مساجد اور کبھی عوام کے ساتھ چھیڑ چھاڑ کی جاتی رہی ہے۔ چنانچہ ان حالات کی وجہ سے جو لوگ تنگ آجاتے ہیں وہ ان گروپوں کی حمایت شروع کردیتے ہیں کہ ”عدو شر برنگ زد کہ درآں خیر ماباشد“ (ترجمہ) میرا دشمن میرے لئے برائی پیدا کرتا ہے مگر اللہ اس برائی میں میرے لئے خیر پیدا کرتا ہے“ اور پھر ان لوگوں کو مجاہدین کی صورت میں ایک اچھی قیادت مل جاتی ہے۔ جہاں جہاں بھی ان لوگوں کی رٹ قائم ہوتی ہے وہاں مثالی امن وامان ہوتا ہے۔

**جنگ:** اس شورش کے اسباب مذہبی ہیں، سیاسی ہیں، لسانی یا علاقائی؟

**مفتی حبیب حقانی:** میرے خیال میں اس کے اسباب مذہبی ہیں، کیونکہ موجودہ حکومت کی پالیسیاں سراسر مذہب مخالف اور اسلام دشمنی پر مبنی ہیں اور پوری قوم کو اس بات کی اب سمجھ چکی ہے کہ جنرل پرویز مشرف قوم، اسلام اور مسلم دشمن اقدامات کررہے ہیں۔

**جنگ:** فوج، پولیس اور سرکاری ادارے ہی ان کا نشانہ کیوں ہیں؟

**مفتی حبیب حقانی:** چونکہ ان لوگوں کا مقابلہ ایک نظام سے ہے اور نظام چونکہ یہی ادارے چلاتے ہیں، اب خواہ پالیسی جس کی بھی ہو مگر جو آدمی آپ کے خلاف بندوق لے کر آپ کو مارنے کے لئے آجائے تو آپ جواباً اس کے خلاف کارروائی کریں گے۔ مطلب یہ کہ کسی اجرتی قاتل کو کوئی اس لئے نہیں چھوڑ سکتا کہ کسی اور نے اسے اجرت دے کر اس کے خلاف بھیجا ہے۔ اسی طرح مجاہدین کی بھی یہی مجبوری ہے کہ ان کے مقابلے میں فوج، پولیس اور یہ ادارے کھڑے ہوتے ہیں، ورنہ اس سے قبل اس ملک کی فوج اور عوام میں والہانہ محبت تھی، مثالی تعلق تھا، قوم کو فوج پر فخر تھا مگر آج حالات اس نہج اور اس ڈگر پر پہنچ گئے کہ فوج اور عوام میں فاصلے بڑھ گئے اور لوگوں کی نگاہ میں فوج کی وہ عزت واحترام نہیں رہی جو کبھی ہوا کرتی تھی۔

**جنگ:** ان نوجوانوں کے جو بھی مقاصد ہوں، کیا آپ کے خیال میں ان کے حصول کا یہ صحیح راستہ ہے؟

**مفتی حبیب حقانی:** دراصل دنیا میں عموماً جو نظام چل رہے ہیں یا جو نظام مشہور ہیں ان میں ایک سوشلزم یا کمیونزم کے نام سے ہے، جبکہ دوسرا نظام جمہوریت کے نام پر چل رہا ہے اور تیسرا اسلام ہے، اگر غور کیا جائے تو سوشلزم کے بھی کچھ بنیادی نکات ہیں، قطع نظر اس کے کہ یہ نظام غلط ہے یا صحیح مگر کچھ بنیادی باتیں ہیں جن پر یہ نظام قائم ہے۔ اس میں زیادہ زور معاشیات پر ہے۔ تاہم اس میں ضمیر کی آزادی نہیں ہے۔ جمہوریت جو ہمارے ہاں رائج ہے جس کو عام طور پر ”عوام کی حکومت، عوام کے لئے، عوام کے ذریعے“ کہا جاتا ہے، مگر درحقیقت یہ کھلا ظلم ہے۔ عوام کو دھوکہ دینے کے لئے اس سرمایہ دارانہ نظام کو جمہوریت کا نام دیا گیا ہے۔ اس میں صرف سرمایہ دار ہی آگے آسکتا ہے۔ اسی کا کلی کردار ہوتا ہے۔ اس نظام میں قانون کا احترام نہیں۔ یوں اگر دونوں کا موازنہ کیا جائے تو سوشلزم میں قانون کا احترام ہے، ضمیر کی آزادی نہیں اور جمہوریت میں قانون کا احترام نہیں جبکہ ان کے مقابلے میں اسلام میں دونوں باتیں اپنی جگہ مضبوط ہیں۔ اسلام میں قانون کا احترام بھی ہے۔ اور ضمیر کی آزادی بھی ہے اور چونکہ یہ ملک اس مقصد کے لئے حاصل کیا گیا تھا کہ یہاں خدا کی زمین پر خدا کے بندوں پر خدا کا نظام ہو۔ پاکستان کا مطلب کیا؟ لا الہ الا اللہ۔ اب اگر اس مقصد کے لئے لوگ جدوجہد کرتے ہیں، یہ حق حاصل کرنا چاہتے ہیں تو ان کے خلاف

کیوں اتنی بڑی لڑائی لڑی جاتی ہے۔ جمہوریت کے حوالے سے ہم نے اسمبلی کو بھی دیکھ لیا۔ وہاں کیا کچھ ہو رہا ہے، اس پر انسان کا سر شرم سے جھک جاتا ہے۔ 5 سال تک قومی زعماء ڈیسک اور تالیاں بجاتے رہے اور پوری قوم تماشا دیکھتی رہی۔ اس حوالے سے اس نظام کی تبدیلی کے لئے اس پارلیمنٹ سے توقع رکھنا، میرے خیال میں فضول اور عبث سی بات ہے۔ اصل میں آج کل یہ جو عام تاثر ہے کہ یہ لوگ تشدد سے کام لے رہے ہیں، شدت پسند اور انتہا پسند ہیں، بات سمجھنے والے لوگ نہیں۔ یہ تاثر صحیح نہیں ہے، جو مطالبات اور مقاصد پر امن طریقے سے پورے ہو سکتے ہیں ان کے حصول کے لئے نہ تو مجاہدین، نہ ہی دینی مدارس اور نہ ہی علماء کرام نے ایسا کوئی اقدام کیا ہے اور نہ ہی کرنے کا کوئی ارادہ رکھتے ہیں۔ لیکن اگر امریکہ افغانستان اور عراق میں آ کر تمام اخلاقی ضابطوں کو پامال کرتے ہوئے قتل عام کرے اور پھر اسے اپنے لئے جائز سمجھے اور اس کے حواری اور حامی بھی اسے جائز سمجھیں۔ اب سوچیں کہ اگر اس نظام (سرمادار یت) کے لئے امریکہ اور اس کے حواری ریاستی جبر کو جائز سمجھتے ہیں اور اس کے لئے ممالک کی تباہی و بربادی کی گنجائش ہے تو پھر اسلام تو ایک مکمل ضابطۂ حیات اور نظام ہے، مسلمان اگر اس نظام عدل کے لئے قوت کا مظاہرہ کریں اور بزور بازو اپنا حق حاصل کرنے کی کوشش کریں تو اسے کیوں دہشت گردی اور انتہا پسندی کہا جاتا ہے؟

**جنگ**: ان نوجوانوں کو مطمئن کر کے اور اس راستے سے ہٹانے کے لئے آپ کے خیال میں کیا تدابیر اختیار کی جانی چاہئیں؟

**مفتی حبیب حقانی**: ان لوگوں کو مطمئن کرنے کے لئے اسلامی نظام کا نفاذ ہونا چاہیے اور ان لوگوں کو راستے سے ہٹانا چاہیے جو اسلامی نظام کے نفاذ میں رکاوٹ ہیں۔ یہ لوگ صحیح سمت اور صحیح راستے پر جا رہے ہیں، انہیں اسلامی نظام پر مطمئن کیا جا سکتا ہے۔ ان کے خلاف کارروائیاں کرنے کی بجائے پوری قوم کو یرغمال بنانے والے فرد کو ہٹانے کے لئے سوچ بچار کی جائے۔

**جنگ**: حکومت اگر مذاکرات کرے تو کن شخصیتوں سے اور کن خطوط پر کرے؟

**مفتی حبیب حقانی**: میرے خیال میں نہ تو حکومت اس کا حل چاہتی ہے اور نہ ہی یہ اس کی پالیسی ہے ورنہ حکومت جس وقت اس مسئلے کو حل کرنا چاہے تو مسئلہ خود بخود حل ہو جائے گا، کسی شخصیت کے پاس جانے کی ضرورت نہیں۔ حل حکومت کے ہاتھ میں ہے اگر وہ چاہے، مگر جنرل پرویز مشرف کے مفادات اس میں ہیں کہ قوم حالت جنگ میں رہے۔ مسلمان پریشان ہوں باہم الجھے رہے تو یہ امریکی خوشنودی ہے۔ اس صورتحال میں اگر ایک فوجی مارا جاتا ہے تو پاکستانی ہے اور ایک مسلمان گھرانے اور خاندان کا فرد ہے اور اگر طالب یا مجاہد مارا جاتا ہے تو وہ بھی مسلمان اور پاکستانی ہے اور مسلمان گھرانے کا فرد ہے۔ امریکہ کو اس بات پر خوشی ہے کہ پاکستانی فوجی مرے یا عام آدمی، دونوں مسلمان ہیں۔ مسلمان مرتے ہیں اور مسلمانوں کے مرنے، پریشان رہنے اور تباہ ہونے میں امریکہ کی خوشی ہے اور جنرل پرویز مشرف کو خوشی بھی اس بات پر ہوتی ہے کہ امریکہ خوش رہے۔ اگر وہ آج اقتدار سے الگ ہو جائیں تو اس مسئلے کا حل بھی ہو جائے گا۔ فوجی کارروائی مسئلے کا عارضی حل ہے جبکہ پائیدار اور مستقل حل اس ملک میں اسلامی نظام کا نفاذ ہے۔

## بقیہ: قومی یکجہتی

بغیر نہیں رہا جاتا کہ انہوں نے ایک تیر سے دو شکار کرنے کی کوشش کی ہے۔ پنجاب میں سندھیوں بالخصوص پیپلز پارٹی سے نفرت اور سندھ میں سندھیوں اور مہاجروں کے درمیان منافرت پیدا کرنا چاہی ہے۔

اگلے دن اشتہار میں ترمیم کی گئی تو فقط اتنا لکھا گیا'' حالیہ واقعات سے متاثر خاندان دادرسی کے لئے ان خون نمبروں پر رابطہ کریں۔'' یہ اس لئے کیا گیا کہ اس اشتہار کی اشاعت کے باعث انہیں سخت تنقید کا سامنا کرنا پڑا۔

4 جنوری کے اشتہار میں جو اخباری تراشے شائع کئے گئے ان میں سے ایک اخبار کے تراشے میں یہ خبر تھی کہ ''سانحہ لیاقت باغ کے بعد افراتفری کے دوران 12 لڑکیاں اغوا، اجتماعی زیادتی کا انکشاف''۔ لیکن ایک رپورٹ کے مطابق بن قاسم کے حکام نے بتایا کہ یہاں ایسا کوئی واقعہ نہیں ہوا۔

''بعد ازاں، اخبارات میں وفاقی وزیر برائے انسانی حقوق کا یہ بیان شائع ہوا کہ ''یہ خبر آئی کہ 12 لڑکیوں کی عزتیں لوٹی گئیں لیکن ہمیں ایسی کوئی لڑکی بھی نہیں ملی جس کی عزت لوٹی گئی ہو۔'' مزے کی بات یہ ہے کہ اخبار میں یہ بھی درج نہیں کہ یہ کس اخبار کا تراشہ ہے۔

اس سے بھی زیادہ افسوسناک بات کا انکشاف وفاقی وزیر برائے انسانی حقوق انصار برنی نے اس طرح کیا ہے کہ پنجاب میں سندھ سے آنے والوں کے لئے کیمپ بھی لگائے گئے ہیں۔ انہوں نے اپنے بیان میں کہا کہ ''اخبارات میں شائع ہونے والی خبروں سے یہ تاثر رہا تھا کہ سندھ میں کوئی غیر سندھی جا ہی نہیں سکتا بلکہ ایسے حالات بھی نہیں ہیں کہ سندھ سے آنے والے لوگوں کے لئے کیمپ لگائے جائیں۔'' آگے انہوں نے بجا کہا ہے کہ ''چند ووٹوں اور اقتدار میں آنے کے لئے یہ عمل قابل مذمت ہے اور اس مقصد کے لئے تعصب کی آگ بھڑکانے والے خود اس آگ میں جل جائیں گے۔ بے نظیر بھٹو کی شہادت کے بعد عوام کا ردعمل دکھ کا اظہار تھا۔ دکھ میں کوئی کسی کی عزتیں نہیں لوٹتا۔ لوٹ مار کرنے والے دہشت گرد تھے۔ سندھ میں جو گاڑی جلی یا لوٹی گئی وہ یہ سوچ کر نہیں لوٹی گئی کہ یہ سندھی، پنجابی یا کوئی اور زبان بولنے والے کی ہے۔ تکلیف پر تیل ڈالنے کے بجائے پانی ڈالنا چاہیے۔ تعصب کی آگ بھڑکا کر کتنے ووٹ مل جائیں گے اور اقتدار میں آ بھی جائیں تو کیا کریں گے۔''

اللہ تعالیٰ ہمارے سیاستدانوں کو حالات کی سنگینی کا ادراک عطا فرمائے اور اس کی توفیق عطا فرمائے کہ وہ قوم میں تعصب کی آگ بھڑکانے سے گریز کریں اور اپنی تمام تر کاوشیں قومی اتحاد و یکجہتی کے لئے وقف کر دیں کہ یہی وقت کی اہم ترین ضرورت ہے۔

## بقیہ: اداریہ

جس سے زراعت اور صنعت سے منسلک عوام خوشحال ہوتے ہیں۔ ہمارا عجیب معاملہ ہے۔ ایسا محسوس ہوتا ہے کہ حکمران ایسے نفسیاتی مرض میں مبتلا ہو گئے ہیں کہ ایذا رسانی انہیں لطف دیتی ہے۔ آٹا ملتا نہیں، چولہے میں گیس نہیں، بجلی کے بارے میں کبھی کہا جاتا تھا'' اور بجلی چلی گئی'' اب کہا جاتا ہے'' آہا بجلی آ گئی''۔ گندم سولہ کروڑ عوام کی بنیادی ضروریات میں سر فہرست ہے۔ لاکھوں لوگوں کی اِس کی کاشت اور تجارت سے روزی منسلک ہے۔ اِن ہی لوگوں کی شب و روز محنت سے کھیت لہلاتے ہیں، لیکن حکومت کے پاس سٹاک کرنے کے لئے مناسب تعداد میں گودام ہی نہیں ہیں۔ گزشتہ سے پیوستہ سال میں اتنی فصل ہوئی کہ بہت کثیر تعداد میں گندم کھلے آسمان تلے پڑی پڑی تباہ ہو گئی۔ اگر مناسب طور پر سٹاک کی گئی ہوتی تو اِس مرتبہ وہ کمی پوری کر دیتی۔ ذرا سوچئے! ہزاروں سال پہلے حضرت یوسف علیہ السلام کے پاس کون سے وسائل اور ذرائع تھے، لیکن اُنہوں نے فراست اور بہترین حکمت عملی سے انتہائی خوفناک قحط کا مقابلہ کیا اور جن سالوں میں غلہ زائد ہوا تھا، کیسے سائنسی انداز میں اُس کی حفاظت کی۔ فرق نیت کا ہے، فرق لگن اور Commitment کا ہے۔ قحط گندم کا نہیں، کردار کا ہے، انسانی ہمدردی اور احساسِ ذمہ داری کا ہے، قحط دیانت و امانت کا ہے۔

### تنظیم اسلامی فورٹ عباس کے زیر اہتمام ماہانہ شب بیداری

3 جنوری 2008ء کو تنظیم اسلامی فورٹ عباس کے زیر اہتمام ماہانہ شب بیداری کا انعقاد کیا گیا۔ پروگرام کا آغاز بعد نماز مغرب جامع مسجد ڈگی والی میں تلاوت قرآن پاک سے ہوا۔ تلاوت کے بعد مقامی امیر جناب وقار اشرف نے پروگرام کی افادیت پر روشنی ڈالی۔ درس حدیث کے ضمن میں راقم نے ”غصہ پر قابو رکھنا“ کے حوالے سے گفتگو کی۔ عشاء کی نماز کے بعد درس قرآن ہوا۔ امیر حلقہ جناب محمد منیر احمد نے سورۃ الاعراف کی روشنی میں امر بالمعروف اور نہی عن المنکر کی اہمیت واضح کی۔ اصحاب سبت کی مثال سے انہوں نے واضح کیا کہ ہم مسلمانوں سے صرف انفرادی عبادت مطلوب نہیں ہے، انفرادی عبادت کے ساتھ ساتھ دوسروں کو نیکی کی دعوت اور برائی سے روکنا بھی ضروری ہے۔ اس راہ میں آنے والی تکالیف کو ہمیں برداشت کرنا ہوگا۔ رسول اللہ ﷺ اور آپؐ کے صحابہ کرامؓ نے اس راہ میں بے پناہ مصائب برداشت کیے تھے۔ امیر حلقہ نے حالات حاضرہ پر بھی گفتگو کی۔ درس قرآن کے بعد کھانا پیش کیا گیا۔ بعد ازاں وقار اشرف بھائی نے ”مسلمانوں پر قرآن کے حقوق“ پر مذاکرہ کروایا اور اس کے بعد چائے پیش کی گئی۔ یہ رات کا آخری پروگرام تھا۔ اگلی صبح رفقاء کو چار بجے اٹھایا گیا۔ تہجد اور تلاوت قرآن کے بعد مسنون دعائیں یاد کروائی گئیں۔ نماز فجر کے بعد درس قرآن ہوا، اور اسی پر پروگرام کا اختتام ہوا۔ دعا ہے کہ اللہ دین کے لیے ہماری اس سعی وجہد کو قبول فرمائے۔ (آمین) (رپورٹ: محمد رضوان عزمی)

### حلقہ بہاولنگر: مروٹ میں شب بیداری پروگرام

4 جنوری 2008ء مروٹ میں شب بیداری پروگرام منعقد ہوا۔ عصر کے بعد 3،3 ساتھیوں پر مشتمل دو ٹیمیں بنائی گئیں، جنہوں نے احباب کو گشت کے ذریعے دعوت دی۔ دعوت کا عمل مغرب سے پہلے تک جاری رہا۔ مغرب کے بعد پروگرام کا باقاعدہ آغاز کیا گیا۔ درس قرآن کی ذمہ داری امیر حلقہ محمد منیر احمد نے نبھائی۔ درس قرآن تقریباً سوا گھنٹہ جاری رہا۔ درس حدیث راقم نے دیا۔ سیرت صحابہؓ کے ضمن میں حضرت سعید بن عامرؓ کے حالات زندگی پر تنویر بھائی نے گفتگو کی۔ کھانے کے بعد دوبارہ پروگرام کا آغاز ہوا۔ ”خشوع“ کے حوالے سے گفتگو راقم نے کی۔ یہ رات کا آخری پروگرام تھا۔ اگلے دن صبح چار بجے ساتھیوں کو بیدار کیا گیا۔ تہجد اور تلاوت قرآن کے بعد مسنون دعائیں اور نماز کا ترجمہ سکھایا گیا۔ نماز فجر کے بعد درس قرآن ہوا، اور اسی پر اس پروگرام کا اختتام ہوا۔ (مرتب: محمد رضوان عزمی)

### حلقہ لاہور میں نئے شامل ہونے والے رفقاء سے تعارفی نشست

6 جنوری 2007ء بروز اتوار صبح ساڑھے دس بجے قرآن اکیڈمی میں تنظیم اسلامی (حلقہ لاہور) میں شامل ہونے والے نئے رفقاء کا امیر حلقہ سے تعارفی پروگرام منعقد ہوا۔ پروگرام کا آغاز تلاوت قرآن مجید سے ہوا۔ اس کے بعد پروگرام میں شریک رفقاء نے نام، تعلیم، پیشہ، رہائش، تنظیم میں شمولیت کب ہوئی اور تنظیم سے تعارف کیسے ہوا، کے عنوانات کے تحت باری باری اپنا تعارف کرایا۔ بعد ازاں رفیق تنظیم تجمل حسین میر نے ملٹی میڈیا کی مدد سے دینی فرائض کے جامع تصور اور جہاد کے حوالے سے گفتگو کی۔ امیر حلقہ نے تنظیم اسلامی کے جھنڈے اور Logo کا سورۃ الصف، سورۃ الفتح اور سورۃ التوبہ میں وارد شدہ آیت مبارکہ ”وہی ہے اللہ جس نے بھیجا اپنے رسول کو الھدیٰ اور دین حق کے ساتھ تاکہ وہ غالب کردے اس کو تمام ادیان پر“ کے حوالے سے تعارف کرایا۔ انہوں نے کہا کہ حاکمیت اعلیٰ اللہ کا حق ہے لیکن دنیا میں انسانوں نے اپنی حاکمیت نافذ کر کے بغاوت کی ہوئی ہے۔ اس لئے دنیا پر قرآن کا نظام عدل وقسط نافذ کرنے کی جدوجہد ہی بحیثیت جماعت تنظیم اسلامی کا نصب العین ہے۔ اور اس جدوجہد کی علامت تنظیم اسلامی کے جھنڈے سے ظاہر ہوتی ہے۔ اس کے بعد باقی رفقاء نے اپنا تعارف کرایا۔ پھر امیر حلقہ نے اپنا تعارف کرایا اور مبتدی بیعت فارم کے حوالے سے اپنے تاثرات بیان کرتے ہوئے کہا کہ اس میں جو عبارتیں درج ہیں وہ بحیثیت مسلمان ہر شخص کے کرنے کی ہیں۔ پہلی بات اللہ تعالیٰ سے معافی مانگنا ہے اور سابقہ گناہوں سے توبہ ہے۔ دوسری بات اس کے دین کے کلمہ کی سربلندی کے لئے اپنی جان اور مال سے جدوجہد کرنے کا عہد ہے۔ نماز ظہر کے بعد ظہرانہ ہوا، اور یہ پروگرام اپنے اختتام کو پہنچا۔ اس پروگرام میں 36 رفقاء اور 5 احباب نے شرکت کی۔ شرکاء میں تنظیم اسلامی کا بنیادی لٹریچر ہدیۃً تقسیم کیا گیا۔ (رپورٹ: محمد یونس، معتمد حلقہ لاہور)

### حلقہ بہاولنگر کا ماہانہ شب بیداری پروگرام

تنظیم اسلامی حلقہ بہاولنگر کے زیر اہتمام مسجد جامع القرآن (بہاولنگر) میں 12 اور 13 جنوری کی درمیانی شب بیداری کا پروگرام ہوا۔ پروگرام کا آغاز 12 جنوری کو مغرب کی نماز کے فوراً بعد تلاوت کلام پاک سے ہوا جس کی سعادت حافظ ندیم منظور نے حاصل کی۔ تلاوت کے بعد جناب رضوان عزمی نے درس حدیث دیا۔ بعد ازاں عشاء کی نماز تک رفقاء سے تعارف کی نشست ہوئی۔ سوا سات بجے عشاء کی نماز باجماعت ادا کی گئی۔ نماز کے بعد امیر حلقہ جناب منیر احمد نے درس قرآن دیا جس میں انہوں نے مسلمانوں کو ان کی ذمہ داری کا احساس دلایا۔ اس درس کا دورانیہ تقریباً ایک گھنٹہ رہا۔

کھانے کے وقفے کے بعد رضوان عزمی نے ”نماز میں خشوع“ کے موضوع پر مذاکرہ کروایا۔ سوا گیارہ بجے رفقا کو سونے کا وقت دیا گیا۔ اگلی صبح چار بجے نوافل کی ادائیگی کے بعد نماز کا ترجمہ یاد کروایا گیا۔ فجر کی نماز کے بعد میجر انور نے درس قرآن دیا۔

آخر میں چند ضروری ہدایات اور دعا کے ساتھ یہ پروگرام اختتام کو پہنچا۔ اس پروگرام میں 23 رفقاء و احباب شریک ہوئے۔ (رپورٹ: ابرار اشرف)


## شہادت و جہاد کمپیوٹر سی ڈی

شہادت اور جہاد سے متعلقہ مفصل مواد اب صرف ایک سی ڈی میں

**شہادت کولیکشن**

☆ قرآن کا فلسفۂ شہادت (ویڈیو) ☆ شہادت حسینؓ کا اصل پس منظر (آڈیو)
☆ شہادت عثمانؓ کا تاریخی پس منظر (آڈیو) ☆ سانحۂ کربلا (کتاب)
☆ شہید مظلومؓ (کتاب)

**جہاد فی سبیل اللہ کولیکشن**

☆ جہاد فی سبیل اللہ حصہ اول و دوم (ویڈیو)
☆ جہاد فی سبیل اللہ پر ڈاکٹر اسرار احمد کے 45 منٹ کے 6 خطابات (آڈیو)
☆ تلاوت قرآن مجید (آڈیو) ☆ جہاد فی سبیل اللہ (کتاب)
☆ الجہاد فی الاسلام از مولانا مودودی (کتاب) ☆ صحیح مسلم، کتاب الجہاد (انگریزی کتاب)

**سی ڈی کی قیمت 20 روپے**

رابطہ: ڈاکٹر محمد ابراہیم۔ لاریکس کالونی گڑھی شاہو لاہور
فون: 0300-4624146

mentality that made him work for foreign
es.

the birds of the same feather flock together, one
early see the link between Mush's playing in the
of his foreign handlers and the associated
sion and anxiety; Sarkozy's being a SAYAN; the
important meeting" between Sarkozy and
rraf; Sarkozy's betting on Musharraf like Bush;
e Mush's dancing to the tunes of Bush's lady,
Rice. Could she Sayan also? See the way she
cted Lebanon War and criminally delayed the
re while babies were getting killed. Moreover,
y's links to Mossad[3] and Musharraf[4] are not
either.

rraf's sickness increases as his real face is
lly exposing before his people. Musharraf is
rable to the millions of suffering Pakistanis and
ns, particularly those whose relatives were
ed, murdered and massacred by his arrogant,
nt, egoistic, boastful and inhuman action and
iour. He likes to see killings and destructions to
the war of terror of his masters. He sacrifices his
people - let alone Afghans - to be killed in the war
gression he could avoid only to achieve his own
al agenda. Like Bush, Musharraf is a sick psychic,
because of the fear that his true face is almost
ed and his handlers don't see any more milk left in
Like many before him, his masters hardly care if he
osed.

:
e page 4 of 40 at this URL: http://www.icssa.org / factor/chapter1.pdf
ou can get the audio of his press conference here.
/pkpolitics.com/2007/11/11/press-confmusharaf-11-mber-07/
this also, escape of a lawyer
/www.cnn.com/video/#/video/world/2007/11/11/per pakistan.voices.cnn
eney outsourced the implementation of the FALSE OPERATION to Mossad...the FALSE FLAG ts. This explains why over 200 Mossad agents were ting in the United States prior to 9/11. This explains five of them were arrested, having been observed g the planes hitting the towers and their subsequent se - celebrating our worst nightmare. See: /www.thenation.com/blogs/thebeat?pid=173825
ee: http://www.rense.com/general72/flag.htm
Current and past U.S. officials tell me that Pakistan is essentially being run from Cheney's office. The resident, they say, is close to Musharraf and refuses ok any U.S. criticism of him. This all fits; in recent s, I'm told, Pakistani opposition politicians visiting ngton have been ushered in to meet Cheney's aides, than taken to the State Department," writes Ahmed d in the Washington Post.

## مسجد الحرام کی توسیع

سعودی فرماں ہوا شاہ عبداللہ کی جانب سے مسجد الحرام میں کرائی جانے والی نئی توسیع کے بعد مزید 5 لاکھ نمازی مسجد الحرام میں بآسانی نماز ادا کرسکیں گے۔ مکہ کے میئر اسامہ البار کے مطابق یہ ایک بڑا پروجیکٹ ہے جو مکہ مکرمہ کی شکل تبدیل کردے گا۔ اس منصوبے میں پیدل چلنے والوں کے لئے سرنگ اور سروس اسٹیشنز کی سہولت بھی شامل ہیں۔ شاہی فرمان میں کہا گیا ہے کہ مسجد میں توسیع شمال اور شمال مغرب میں 3 لاکھ اسکوائر میٹر پر کی جائے گی۔ ایک خصوصی کمیٹی نے شامیہ اور شوبایکا کے علاقوں میں ایک ہزار جائیدادوں کو توسیعی منصوبے کے لئے منہدم کیا جائے گا۔ اور حکومت نے زرتلافی کے لئے 6 ارب سعودی ریال مختص کیے ہیں، علاقے میں موجود عمارتوں کو منہدم کرنے کا کام دو ماہ میں مکمل کیا جائے گا۔ مسجد احرام میں پہلی توسیع شاہ عبدالعزیز کے دور (1925ء) میں اور سب سے بڑی توسیع شاہ فہد کے دور (1989ء) میں کی گئی تھی۔

## اقوام متحدہ میں بڑے پیمانے پر بدعنوانی

اقوام متحدہ میں بڑے پیمانہ پر غبن، بدعنوانی اور بدسلوکی کے واقعات سامنے آئے ہیں۔ اقوام متحدہ کے اندرونی تحقیقاتی یونٹ کی سربراہ اینگا بریٹ کے مطابق ادارے میں بدانتظامی، فراڈ اور کرپشن کے تقریباً 250 کیسز سامنے آئے ہیں جن میں دو تہائی کا تعلق امن مشن سے ہے۔ تحقیقاتی ٹیم نے 60 کروڑ ڈالرز کے غبن کی تصدیق کی ہے۔

## کوسوو کی آزادی تسلیم نہیں کریں گے

روس کے صدر ولادی میر پیوٹن نے کہا ہے کہ روس کوسوو کی یکطرفہ آزادی ہرگز تسلیم نہیں کرے گا۔ روس کے صدر نے مسئلے کا بہتر حل ڈھونڈنے کے لئے کوششیں تیز کرنے کا حکم دیا ہے۔ ولادی میر پیوٹن نے کہا کہ ہم مذاکرات اور بات چیت کے ذریعے مسئلے کا حل چاہتے ہیں۔ بات چیت کے ذریعے ایسا حل نکالا جائے جو کوسوو کے البانین اور سرب عوام کو قابل قبول ہو۔ پیوٹن کے بیان سے واضح ہے کہ کافر کوئی بھی ہو، وہ مسلمان کا خیرخواہ نہیں ہوسکتا۔ الکفر ملة واحدة

## صدر بش کے گرد ناچنے والے انتہا پسند ہیں

مصر کے ممتاز ہفت روزہ جریدے "الاہرام" کے مطابق صدر بش کے نزدیک اس وقت دنیا دو حصوں میں تقسیم ہے۔ انتہا پسند اور غیر انتہا پسند۔ بش کا خیال ہے کہ انتہا پسندوں کا خاتمہ کرکے عراق اور افغانستان میں امن قائم ہوسکتا ہے۔ وہ یہ بھی خیال کرتے ہیں کہ حزب اللہ کو مٹا کر راتوں رات لبنان امن کی جنت بن جائے گا اور عراق میں مزاحمت کاروں کو زمین میں دفن کرکے عراق میں سکون کے نغمے گونج اٹھیں گے۔ یہ سب خواب کی باتیں ہیں۔ بش پر واضح ہونا چاہیے کہ انتہا پسند اور متشدد وہ لوگ نہیں ہیں جن کی طرف ان کی انگلی اٹھی ہوئی ہے بلکہ وائٹ ہاؤس میں صدر بش کے اردگرد ناچنے والے انتہا پسند ہیں۔

## افغان جنگ شروع ہونی ہے

سیکیورٹی آفس افغانستان کی ایک غیر سرکاری تنظیم ہے جس سے وابستہ ماہرین ملک میں بحرانوں پر نظر رکھتے ہیں۔ اس تنظیم کی حالیہ رپورٹ میں یہ انکشاف کیا گیا ہے کہ طالبان دوبارہ منظم ہورہے ہیں اور ان کی جنگ برسوں جاری رہ سکتی ہے۔ یہی وجہ ہے کہ اب مغربی افغانستان میں بھی وہ سرگرم ہوگئے ہیں۔ رپورٹ کا کہنا ہے کہ حالات سے ثابت ہوتا ہے کہ 2001ء میں طالبان کی پسپائی ان کی حکمت عملی کا حصہ تھی۔

واضح رہے، افغانستان میں نیٹو اور امریکا کے 41 ہزار فوجی موجود ہیں لیکن ان میں بہت کم میدان جنگ میں جاتے ہیں۔ یہی وجہ ہے کہ طالبان کے حوصلے بڑھ رہے ہیں۔ اُدھر امریکا کو یورپیوں سے شکایت ہے کہ وہ طالبان سے لڑائی کے سلسلے میں مناسب اقدامات نہیں کررہے۔

for hours. He was reported to be very irritated. Every scenario that was painted before him brought the Court in the way. He was basically a hostage of four Generals who were with him on March 9, 2007.

Next examine the pictures on the right. He is perspiring at a press conference to international media in Islamabad on November 8, 2007 – five days after his second coup. He had been "negotiating" with his masters for a Martial Law of two weeks (as reported in News). For one week he was waiting. Then the Master called and he had to go on TV to announce January 9, 2008 as the election date. Look at the amount of sweat, which is not normal indeed for a person who spent 8 years before the international media. He rambled for 15 minutes on the Supreme Court. The World press immediately pronounced it as a lie.[2]

He is on the record of saying and doing things a rational person would normally avoid. Can a rational person be saying what he is saying and doing particularly since March 9, 2007. More important is the anger in his voice, statements and his public threats. That is how he was conducting Cabinet meetings. Once in PML-Q meeting after March 9, he lamented in these words: "Everyone leaves me alone." This was reported in the press.

He also bitterly complained in public about his allies leaving him alone. After dismissing the Chief justice for the first time, insiders attending one of the meetings reported, Musharraf for the first time was visibly shaken. Musharraf also told the treasury lawmakers: "I feel disturbed for the first time". According to the inside sources, Musharraf did not even allow Sehba Musharraf to go to Stanford on June 19, 2007 for their son's graduation. Musharraf disclosed to one of his close friends that he told his wife, "tum beh mujhe choor kar ja rahi ho" ["you, too, are leaving me alone"]. Musharraf also admitted about his depression to his friend. Musharraf started taking medication more regularly in May 2007. The widely available video clips of his speeches after this period show a marked difference in his behaviour.

Musharraf's problems compounded when he was unable to get a lawyer to represent him in the Supreme Court as his Attorney General. The Deputy AG had resigned in protest to Musharraf's Military Act. The root causes of Musharraf's depression, however, go back as far as 2006 at least. Around August 2006, some writs surfaced in the Supreme Court which were pending since long. The issues were all well-known and critical, including his legality to continue in uniform and the missing persons, detained illegally by Mush's agencies.

Musharraf consulted legal experts. He was told of the unbeatable argument of Aitzaz Ahsan. On the other hand, he came to know that the assembly did not give approval to an Army Chief to indulge in Politics. Thus far, the Constitution was not amended to provide him with another opportunity to prolong his rule. He was told that the penalty for what he was planning to do was treason trial.

At this critical juncture, Musharraf was being kept informed and advised by only four Generals who were very close to him. And he was constantly in touch with his handlers. And the advice was emergency. They will take care of the International Press and TV.

According to the inside sources, Musharraf was listened to and relied no one but these four Generals. The Civilian Prime Minister and Ministers were told by these four to "do" things. Orders for running the Government were coming from the four Generals..

Musharraf and his Generals tried to get Chief Justice Ifthikhar Chaudhry on board. He refused. Musharraf's depression intensified. It is possible that he had this clinical problem since long. Musharraf became fully obsessed with the Chief justice and his "re-election" for 5 more years. No other task was important. Only a ne irrational person can think that a ne elected assembly should accept hi as a president. During this period l was very shrill. He would not list to anyone in the cabinet and wou simply ramble.

One has to note that Musharraf is totally different person when he h taken his medication. But lying cannot give up. For example, in t interview, he lied that his son's bo did not know that he was president's son. Lying about ot things is clearly obvious. Accord to his close associates, that's how was since his days in Forn Christian College.

General Musharraf total discon from the reality is evident from statements and philosophy about army and his comments on uniform that he will "follow constitution." Instead he is mak the constitution follow him when can't do something constitution His lying, denial and disconnect f the reality never stop. Everything he says contradicts the reality on ground for the people. Here i example of how he is de-lin himself from the MQM allocating specific regions to M at the same time. Interestingly, are only two Pakistani organizations, those have offices in Israel: Ahmadi (Quadianies) and MQM. Mus and MQM relationship is not a at all. A further evidence disconnect with the reality is t was dancing on May 12, 20 Islamabad while 42 people got in Karachi as a result of M terrorism. Musharraf ruled o inquiry into the incident for wh was held responsible.

The inferiority complex and h to serve foreign masters are from the way he has displayed official website a certificate fr Antony Walker. Of course, h have got some awards fro colonial, leading figures as w his displaying a testimonial colonial master is a proof

Vol: 17 Regd. No. LRL -50 No. 04

Weekly **Nida-e-Khilafat** Lahore

View Point

ABID ULLAH JAN

# Depression Strikes When Sayans Get Unravelled:

The Look what Sarkozy is up to in France and Musharraf in Pakistan Dawn reported on January 18, 2008 that General (retired) Musharraf called his opponents and critics as "misguided lunatics." Calling others lunatic is not an argument. This simply compels others to look into the mental state of the person calling others lunatic because this is one of the signs of depression. And fear is one of the causes of depression.

The signs of Mush's depression are visible. The question is, what is he afraid of? It can't be the fear of just losing the top job. Musharraf has a history of working for his foreign handlers. Could it be that Musharraf is a Sayan? There are many indications. In short, if Sarkozy could be Sayan (Mossad helper), why can't Musharraf. However, with Sayan links comes great depression due to the fear of exposure as well.

The first person to publicly indicate Mush's depression was the Kashmiri leader and Hurriyat chairman Syed Ali Shah Geelani. He said in a statement on December 7, 2006 that the military ruler had "lost self confidence" and is in a "state of mental depression".

This was the time when his masters the US and UK started working on the plan to bring back Benazir, who insisted from day one that Musharraf will have to remove his uniform. Fear started haunting Musharraf. Not because uniform was his "second skin." In fact, he believed the deal and BB's insistence on uniform may uncover his Sayan past. Depression started building up.

Musharraf's depression manifests itself in many ways – emotionally, mentally, and physically. We can see it clearly if we analyse several events even in his early life, such as the Kargil fiasco and his refusal to admit the dead bodies were Pakistani soldiers and denying them a proper burial. Fast forward to his lying exposed by the Washington Post; his false public promises; his disrespect for human life; his proudly accepting the fact of getting paid by the CIA for handing over his own people; his averting all peaceful means only to stage a bloody drama at the mosque in Islamabad, his pleading guilty to the crimes of the United State such as shouldering responsibility for the US butchering innocent Pakistanis and his actions concerning the Supreme Court.

We will see through examples below that in Musharraf's life, not only feelings of emptiness, loneliness, frustration, and irritability, but also anger are common.

A head of state lying time and again is not normal. That can be only explained by your study of Psychology . All these signs indicate he is a depressed person who is not in his right senses. Being a depressed person, he was able to weave stories for the West (the ones West wanted to hear) and he became a darling. Now he has been discovered and they are trying to dump him. The delay is only due to his final offers for milking him to the last drop and his handlers search for a suitable replacement.

Musharraf has been showing the signs of a compulsive gambler.[1] Now he is becoming suicidal. In some cases, depression and personality disorder lead to strange behaviour. When religious beliefs, society norms, position, opportunity, lack of courage, etc. are a hurdle to open suicide then a patient can sub-consciously choose extremely risky and irrational behaviour, like dangerous driving, excessive drinking, fooling around with law enforcement personnel so that some one else may take the blame of the murder looking suicide. In the case of Musharraf, he is at war path with his own people. He is playing bombing his own people, invading parts of his own country, creating more and more "terrorists,", and fooling around with the constitution, law and general public. Is he, sub-consciously determined to destroy Pakistan if he can't continue to be the boss for ever?

Musharraf had a personality problem since his days at the Forman Christian College. He is clinically depressed since September 2006, at least.

Pakistanis and impartial analysts the world over are still wondering at what Musharraf did on November 3, 2007. They are trying to find a rational explanation. However, the only reason they see is his megalomaniac designs to perpetuate himself in power, considering himself the most wise and indispensable person. Depressed people think their view of events is true even in the presence of other evidence to the contrary.

The Supreme Court case started stirring in the latter part of 2006. He was told the legal position. He was told he never got assembly approval for "Army man to be in politics". The slide started. He tried to buy the Supreme Court. The Court said, it will decide "Constitutionally".

After September 2006, a look at the summaries of the Cabinet meetings gives us a lot about the state of Mush's depression. He was rambling